Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 13 جمعرات 24 نومبر، 2022ء 28 ربیع الثانی 1444ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 194

یونیورسٹیوں میں فنڈز کے شفاف استعمال کو یقینی بنانے کے لیے اصلاحات نافذ کی جائیں گی: وزیراعلیٰ پرویز الٰہی

پنجاب حکومت کا تعلیمی اداروں میں کھیلوں کی سرگرمیاں بحال کرنے کا فیصلہ

یونیورسٹیوں میں فنڈز کے شفاف استعمال کو یقینی بنانے کے لیے اصلاحات نافذ کی جائیں گی، قانون سازی مقامی یونیورسٹیوں سے کنسلٹنٹس کی خدمات حاصل کرنے کی بھی اجازت دے گی

موجودہ حکومت نے گریجویشن تک تعلیم کو مفت کر دیا ہے جب کہ ان کے پہلے تعلیمی اصلاحات کے پروگرام کو عالمی سطح پر سراہا گیا تھا، سہولیات کی عدم دستیابی کی نشاندہی کے لیے آئی ٹی ونگز بھی قائم کرے گی

لاہور (یواین پی) وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی نے منگل کو اعلیٰ سطحی اجلاس طلب کیا جس میں صوبے بھر میں اعلیٰ تعلیم کے حوالے سے اہم اقدامات اور انہیں بین الاقوامی معیار کے مطابق فروغ دینے پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں معاشرے میں صحت مندانہ سرگرمیوں کے فروغ کے لیے تمام تعلیمی اداروں میں کھیلوں کی سرگرمیوں کی بحالی کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں کالجوں کی مالی خودمختاری پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس کی صدارت وزیراعلیٰ پنجاب نے کی جس میں وزیراعلیٰ کے مشیر عامر سعید ران، چیف سیکرٹری عبداللہ سنبل، سیکرٹری ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ اور دیگر معززین نے شرکت کی۔ وزیراعلیٰ نے میڈیا کو بتایا کہ یونیورسٹیوں میں فنڈز کے شفاف استعمال کو یقینی بنانے کے لیے اصلاحات نافذ کی جائیں گی۔ قانون سازی مقامی یونیورسٹیوں سے کنسلٹنٹس کی خدمات حاصل کرنے کی بھی اجازت دے گی۔ پرویز الٰہی نے مزید کہا کہ موجودہ حکومت نے گریجویشن تک تعلیم کو مفت کر دیا ہے جب کہ ان کے پہلے تعلیمی اصلاحات کے پروگرام کو عالمی سطح پر سراہا گیا تھا۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے مزید کہا کہ صوبائی حکومت کالجوں میں ضروری سہولیات کی فراہمی اور سہولیات کی عدم دستیابی کی نشاندہی کے لیے آئی ٹی ونگز بھی قائم کرے گی۔

آرمی چیف کی تعیناتی کیلئے سمری موصول ہو گئی، وزیراعظم آفس

وزیراعظم شہباز شریف متعین طریقہ کار کے مطابق ان تعیناتیوں سے متعلق فیصلہ کریں گے، مریم اورنگزیب

اسلام آباد (یواین پی) وزارت دفاع کی جانب سے چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی اور چیف آف آرمی سٹاف کے عہدوں پر تقرری کے لئے ناموں کے پینل پر مشتمل سمری وزیر اعظم آفس کو موصول ہو گئی۔ (بقیہ نمبر 3)

نواز شریف کی اٹلی سے تصاویر عدالتی نظام کی بے بسی ہونے کا اظہار ہے، فواد چوہدری

ایک سزا یافتہ شخص جس کا ضمانتی ہمارے نظام نے وزیراعظم بنا دیا، ضمانتی وزیراعظم پورے نظام کا منہ چڑا رہا ہے

اسلام آباد (یواین پی) تحریک انصاف کے رہنما فواد چوہدری کا کہنا ہے کہ نواز شریف کی اٹلی سے تصاویر ہمارے عدالتی نظام کی بے بسی اور بے وقعت ہونے کا اظہار ہیں۔ ایک سزا یافتہ شخص جس کا ضمانتی ہمارے سسٹم نے وزیر اعظم بنا دیا، (بقیہ نمبر 2)

کوئی بھی شخص آئین سے بالاتر نہیں ہے، چیف الیکشن کمشنر

سکندر سلطان راجہ کے این اے 45 کرم میں ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کیس میں ریمارکس

اسلام آباد (یواین پی) الیکشن کمیشن نے این اے 45 کرم میں عمران خان اور اقبال وزیر کے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی سے متعلق کیس کا فیصلہ محفوظ کر لیا۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے ریمارکس دیئے کہ (بقیہ نمبر 1)

سمری پر 4 ناموں والی سمری پر اعتراض والی بات قطعاً غلط ہے، امید ہے وزیراعظم کی ترکیہ روانگی سے قبل فائنل ہو جائے گا، خواجہ آصف کی میڈیا سے گفتگو

مجھے اس کا علم نہیں سینئر ترین افسر آرمی چیف ہوں گے یا نہیں؟

وزیر دفاع

کابینہ اجلاس میں اہم تقرریوں پر غور ہو گا، اس سے ہیجانی کیفیت کا خاتمہ ہو جائے گا، آج کل میں سمری کو حتمی شکل دی جائے گی، وزیر دفاع خواجہ آصف کی وزیراعظم سے ملاقات کے بعد میڈیا

اسلام آباد (یواین پی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ مجھے اس کا علم نہیں کہ سینئر ترین افسر آرمی چیف ہوں گے یا نہیں؟ سمری پر 4 ناموں والی سمری پر اعتراض والی بات قطعاً غلط ہے، امید ہے وزیراعظم کی ترکیہ روانگی سے قبل فائنل ہو جائے گا۔ انہوں نے وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ اگلے آرمی چیف کی تعیناتی کیلئے وزیراعظم کو سمری بھیج دی گئی ہے، جس پر حتمی فیصلہ آج ہو جائے گا۔ اہم تقرریوں کیلئے قانون و ضابطہ کو مدنظر رکھ کر فیصلہ کیا جائے گا، ہیجانی کیفیت کا خاتمہ ہو جائے (بقیہ نمبر 6)

سرکاری افسر کے گن مین کی فائرنگ، دو مبینہ ڈاکو ہلاک

کراچی (یواین پی) کراچی کے علاقے کورنگی میں سرکاری افسر کے (بقیہ نمبر 5)

اے ٹی ایم سے رقم نکلواتے ہی 2 شہری لٹ گئے، ڈاکوؤں کی فائرنگ سے نوجوان زخمی

جنوبی چھاؤنی میں ڈاکو بلال سے 45 ہزار روپے اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے

چوہنگ (یواین پی) اے ٹی ایم سے رقم نکلواتے ہی 2 شہری لٹ گئے، چوہنگ، ڈاکوؤں کی فائرنگ سے نوجوان زخمی چوہنگ کے علاقے میں موٹرسائیکل پر سوار (بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد، وفاقی وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق سے میڈ کیئر مینجمنٹ کے حکام ملاقات کر رہے ہیں

حکومت تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لا رہی ہے، میاں عبدالرشید بوٹی

اوکاڑہ (یواین پی) وزیر اعلیٰ پنجاب کے معاون خصوصی میاں عبدالرشید بوٹی اور قائمقام ڈپٹی کمشنر ظہیر لیاقت بیگ نے کہا ہے کہ لوگوں کو روزگار کی فراہمی کے لئے (بقیہ نمبر 29)

پشاور کی لڑکیوں پر فیفا ورلڈ کپ کا جنون سوار ہو گیا

فٹبال کو حکومتی سطح پر پزیرائی دی جائے، لڑکیوں کا مطالبہ

پشاور (یواین پی) فیفا ورلڈ کپ نے ہر فرد کو اپنی جانب متوجہ کر رکھا ہے جس کا سحر پشاور کی لڑکیوں پر بھی طاری ہو گیا ہے۔ فٹبال ورلڈ کپ میں ہر کوئی اپنی فیورٹ ٹیم اور کھلاڑی کو سپورٹ کرتا دکھائی دے رہا ہے جبکہ پشاور کی لڑکیاں اپنی ٹیم کے ورلڈ کپ میں نہ ہونے پر مایوس ہیں۔ لڑکیوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ فٹبال کو حکومتی سطح پر پز (بقیہ نمبر 30)

عمران خان پر قاتلانہ حملہ، ابھی تک جے آئی ٹی کو کوئی کامیابی حاصل نہ ہو سکی

جے آئی ٹی مرکزی ملزم نوید سمیت دیگر ملزمان سے 5 بار پوچھ گچھ کر چکی، پولیس افسران اور اہلکاروں کے بیانات بھی قلمبند کئے جا چکے ہیں

کنٹینر کے آگے پولیس نہ ہونے پر سامنے آ کر فائرنگ کی، ملزم نوید اس وقت جسمانی ریمانڈ پر پولیس کی تحویل میں ہے

لاہور (یواین پی) چیئرمین تحریک انصاف عمران خان پر قاتلانہ حملے کے معاملے پر جے آئی ٹی کو تاحال تحقیقات میں کوئی خاطر خواہ کامیابی نہ مل سکی۔ رپورٹ میں ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ جے آئی ٹی نے سی ٹی ڈی چوہنگ میں ملزمان نوید، وقاص اور ساجد سے 5 بار تحقیقات کیں۔ جے آئی ٹی ٹیم 16 نومبر، 17 نومبر، 18 نومبر، 19 نومبر اور گزشتہ رات بھی سی ٹی ڈی ہیڈ کوارٹرز گئی۔ (بقیہ نمبر 7)

زیرخارجہ بلاول بھٹو سے پی ایس ایف سندھ کے صدر و دیگر کا مالقات کے موقع پر گروپ فوٹو

چیف سیکرٹری کی جبری رخصت کیس، کسی کی ذات نہیں نظام کی بات کریں

چیف جسٹس

نام لینے سے دوستیاں دشمنیاں بنتی ہیں، اس کیس کو پولیس کیس کے ساتھ سنیں گے، چیف جسٹس عمر عطا بندیال

نظام کی بات کریں، نام لینے سے دوستیاں دشمنیاں بنتی ہیں، چیف جسٹس نے کہا اس کیس کو پولیس کیس کے ساتھ سنیں گے

اسلام آباد (یواین پی) چیف سیکرٹری جبری رخصت کیس میں چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے ریمارکس دیئے کسی کی ذات پر بات نہ کریں نظام کی بات کریں نام لینے سے دوستیاں دشمنیاں بنتی ہیں۔ سپریم کورٹ میں چیف سیکرٹری کو جبری رخصت پر بھجوانے سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی، چیف جسٹس نے دوران سماعت ریمارکس دیئے کہ پولیس افسران کے تبادلوں میں فوجداری نظام انصاف متاثر ہو رہا تھا۔ (بقیہ نمبر 28)

گیس کی غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ محمد جاوید قصوری

لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی جانب 430 روپے فی مرلہ کوڑا ٹیکس لگانے کا اعلان قابل مذمت ہے

لاہور (یواین پی) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ سردی بڑھنے کے ساتھ ہی عوام کی مشکلات میں اضافہ ہو گیا ہے۔ گیس کی غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ بچے بڑے سکول و دفاتر بلا ناشتہ جانے پر مجبور ہیں۔ گیس کی بندش سے صنعتیں بند اور مزدور بے روزگار ہیں مگر حکمرانوں کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی زون 158 کے زیر اہتمام ونٹر پیکیج کی تقسیم کے موقع پر عوام الناس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ لاہور ویسٹ مینجمنٹ کی جانب سے 430 روپے فی مرلہ کوڑا ٹیکس لگانے کا فیصلہ قابل مذمت ہے۔ عوام پہلے ہی انگنت ٹیکسز ادا کرنے پر مجبور ہیں۔ اس اقدام سے لاہور کے عوام کو 8 ارب 30 کروڑ کا اضافی بوجھ برداشت کرنا پڑے گا۔ عوام کے لیے آمدن کے (بقیہ نمبر 9)

تعیناتی کیلئے سمری آ گئی، تمام نام شامل کر کے ادارے نے دوراندیشی کا ثبوت دیا، شیخ رشید احمد

راولپنڈی (یواین پی) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ تعیناتی کیلئے سمری آ گئی، تمام نام شامل کر کے ادارے نے دور اندیشی کا ثبوت دیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری کیے گئے بیان میں شیخ رشید نے کہا کہ کسی کی پسند ناپسند کا نہیں میرٹ کا سوال ہو گا۔ انہوں نے کہا کہ جو بھی آرمی چیف آئے گا وہ سیاست سے دور ملک اور اپنے ادارے کا وفادار ہو گا۔ سابق (بقیہ نمبر 8)

اقوام متحدہ کے ماہرین کا خرم پرویز کی فوری رہائی کا مطالبہ

خرم پرویز کو 22 نومبر 2021 کو دہشت گردی اور دیگر الزامات لگا کر گرفتار کیا گیا تھا

اسلام آباد / جنیوا (یواین پی) اقوام متحدہ کے ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ انسانی حقوق کے معروف کشمیری کارکن خرم پرویز کی گرفتاری اور نظر بندی کے مقبوضہ جموں و کشمیر میں سول سوسائٹی، انسانی حقوق کے کارکنوں اور صحافیوں پر شدید اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ میڈیا کے مطابق ماہرین Aua Bald: , Gabriella Citroni (بقیہ نمبر 10)

پٹرولنگ پولیس فیصل آباد کا ناجائز اسلحہ و منشیات کے خلاف آپریشن

01 رائفل، 02 پسٹل، چوری شدہ موٹر سائیکل اور شراب برآمد کر لی

فیصل آباد (یو این پی) ایس ایس پی پٹرولنگ پولیس فیصل آباد ریجن مرزا انجم کمال کی ہدایت اور ڈسٹرکٹ ڈی ایس پی پٹرولنگ ملک محمد امین کی زیر نگرانی پٹرولنگ پوسٹ کے سب انسپکٹر ذیشان ظفر نے دوران گشت و ناکہ بندی ناجائز اسلحہ کے (بقیہ نمبر 11)

فیصل آباد موٹروے ایم تھری پر مزدا ٹرک اور ٹرالر میں تصادم 3 افراد جاں بحق ہو گئے

فیصل آباد (یواین پی) فیصل آباد موٹروے ایم تھری پر مزدا ٹرک اور ٹرالر میں تصادم 3 افراد جان بحق ہو گئے تفصیلات کے مطابق موٹروے ایم تھری سمندری تا لاہور 10 کلومیٹر فیصل آباد پر مزدا ٹرک اور ٹرالر میں تصادم ہوا جس کے نتیجے میں ساجد ولد نامعلوم عمر 35 سال عدنان ولد نامعلوم عمر 28 سال اور رضوان ولد شفیع محمد عمر 20 سال موقع پر ہی جان بحق ہو گئے لاشوں کو ریسکیو کی ٹیم نے ٹی ایچ (بقیہ نمبر 25)

عمران خان پہلا راؤنڈ ہار گئے، حکومتی دعویٰ

غلطی کو مان لیں تو ازالہ ہو سکتا ہے۔ عمران خان کیلئے پیغام

اسلام آباد (یواین پی) ملک میں جاری سیاسی رسہ کشی اور آرمی چیف کی تعیناتی جیسے اہم مسئلے کو لے کر وزیراعظم کے خصوصی معاون برائے پبلک پالیسی فہد حسین نے دعویٰ کیا ہے کہ، 'عمران خان پہلا راؤنڈ ہار گئے'۔ ٹوئٹر پر فہد حسین نے لکھا کہ چیئرمین تحریک انصاف پہلا راؤنڈ ہار گئے مگر ماننا پڑے گا کہ انہوں نے مقابلہ اچھا کیا۔ عمران خان کو مایوس نہ ہونے کا پیغام دینے والے فہد نے انہیں اگلے راؤنڈ کی تیاری کرنے کا مشورہ دیتے ہوئے واضح کیا کہ عام انتخابات اپنے وقت پر ہی ہوں گے۔ سلسلہ وار ٹویٹ میں وزیراعظم کے معاون خصوصی نے عمران خان کو دوستی کا ہاتھ بڑھانے کا مشورہ بھی دیا، انہوں نے لکھا، ''تحریک انصاف کے سیانے لوگوں نے خان صاحب کو سمجھایا ہے کہ اسٹیبلشمنٹ کو کمزور کرنے کی کوشش میں کمزور خود ان کی جماعت کی ساکھ ہے۔ اور وہ سیاسی ہار کھا بیٹھے''۔ فہد حسین کے مطابق، ''غلطی کو غلطی مان لیں تو ازالہ ہو سکتا ہے''۔ انہوں نے پی ٹی آئی کے بیانیے کو تنقید کا (بقیہ نمبر 26)

راولپنڈی پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائی 26 ملزمان گرفتار

پتنگ فروش نعمان جاوید کو گرفتار کر ملزم کے قبضے سے 100 پتنگیں اور 02 ڈوریں برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا

گوجر خان پولیس نے ملزم طالب حسین سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لئے گئے

راولپنڈی (یواین پی) راولپنڈی پولیس نے شہر بھر سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروشی، شراب سپلائی، آتشبازی، غیر قانونی اسلحہ اور دیگر جرائم میں ملوث 26 ملزمان گرفتار کر لئے۔ پولیس ترجمان کے مطابق روات پولیس نے ملزم عرفان سے 4 کلو چرس، ملزم بابر سے 540 گرام چرس، ملزم مجاہد سے 560 گرام چرس، دھمیال پولیس نے ملزم ذوالفقار سے 1 کلو 260 گرام چرس، ملزم رفیق سے 220 گرام چرس، گوجر خان پولیس نے ملزم غلام مرتضیٰ سے 240 گرام چرس، جاتلی پولیس نے ملزم راشد سے 350 گرام چرس اور آرائے بازار پولیس نے ملزم ارشد سے 10 لیٹر شراب برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے ہیں۔ سول لائنز پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تاش پر جواء کھیلنے والے 10 قمار بازوں حماد جواد، عبدالمالک، اعظم، اکبر، فیض، امیر حمزہ، زین، گلنواز (بقیہ نمبر 12)

وفاقی وزیر اوورسیز ساجد حسین طوری کو ہیلینیک ریپبلک کے وزیر امیگریشن شیلڈ پیش کر رہے ہیں

عمران خان کے ہیلی کاپٹر کیلئے ہیلی پیڈ سروسز ہائیکورٹ تو نہیں دے سکتی، اسلام آباد ہائیکورٹ

آپ انتظامیہ کو ہدایت دے دیں کہ وہ قانون کے مطابق ہماری درخواست پر فیصلہ کریں، چیف جسٹس کا وکیل سے مکالمہ

وہ تو انہوں نے قانون کے مطابق ہی کرنا ہے، میں یہ تو نہیں کہوں گا کہ قانون کے مطابق نہ کریں

اسلام آباد (یواین پی) اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق نے واضح کیا ہے کہ عمران خان کے ہیلی کاپٹر کے لیے ہیلی پیڈ سروسز ہائی کورٹ تو نہیں دے سکتی۔ پی ٹی آئی کی جلسے کے لیے اسلام آباد سے گزرنے اور پریڈ گراؤنڈ ہیلی کاپٹر اتارنے کی اجازت کی درخواست پر اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق نے سماعت کی۔ سماعت کے دوران پی ٹی آئی کے وکیل نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ 26 نومبر کے لیے پی ٹی آئی نے راولپنڈی جلسہ کی کال دی ہے۔ چیف جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیتے ہوئے کہ کہ آپ کی استدعا ہے میں ان کو وہ ہدایات دوں جو میں نہیں دے سکتا، یہ انتظامیہ کا کام ہے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس نے پی ٹی آئی وکیل سے استفسار کیا کہ جو درخواست آپ نے انتظامیہ کو دی وہ مسترد تو نہیں ہوئی ابھی۔ پی ٹی آئی کے وکیل نے کہا کہ (بقیہ نمبر 24)

وفاقی وزیر آئی ٹی سید امین الحق سمارٹ فون کی لانچنگ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

تمام یونین کونسل سے مسلم لیگ نون بھاری مارجن سے جیتے گی، غلام قادر بٹ

سیری (یواین پی) مسلم لیگ نون یونین کونسل سیری مجواڑ گوڑہ کے نائب صدر معروف گڈریال نے کہا کہ مسلم لیگ نون کے تمام امیدوار آمد بلدیاتی الیکشن میں ہر یونین کونسل سے بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کریں گے معاشرے میں ہائے روز بڑھتے ہوئے گھمبیر مسائل کو اس دلدل اگر کوئی نکال سکتا ہے تو وہ صرف مسلم لیگ نون ہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں (بقیہ نمبر 23)

عمران خان کی توشہ خانہ ریفرنس میں نااہلی فیصلے کیخلاف درخواست پر فل بینچ تشکیل

عدالت توشہ خانہ ریفرنس میں عمران خان کی نااہلی کا فیصلہ کالعدم قرار دے

لاہور (یواین پی) پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان کی توشہ خانہ ریفرنس میں نااہلی فیصلے کے خلاف درخواست پر فل بینچ تشکیل دے دیا گیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ محمد امیر بھٹی کی سربراہی میں فل بینچ تشکیل دیا گیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس عابد عزیز شیخ اور جسٹس ساجد محمود سیٹھی فل بینچ کا حصہ ہیں۔ درخواست میں (بقیہ نمبر 13)

سیفی ٹیکنیکل کالج کی ٹرسٹ کو حوالگی، عدالت میں جواب جمع

غیر واضح معاہدے سے طلبا کا مستقبل داؤ پر لگ گیا ہے، وکیل عثمان فاروق

اسلام آباد (یواین پی) سیفی ٹیکنیکل کالج کو ٹرسٹ کے حوالے کرنے کے خلاف درخواست کی سماعت ہوئی جس میں سیفی ایجوکیشنل ٹرسٹ نے تحریری جواب جمع کرا دیا۔ ٹرسٹ کی جانب سے جمع کرائے گئے جواب میں کہا گیا کہ کالج کو قانون کے مطابق (بقیہ نمبر 14)

مریم اورنگزیب کی وزیراعظم کے دورہ ترکیہ کی منسوخی کی افواہوں کی تردید

اسلام آباد (یواین پی) وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے وزیراعظم شہباز شریف کے دورہ ترکیہ کی منسوخی کی افواہوں کی تردید کر دی ہے۔ اپنے بیان (بقیہ نمبر 21)

پنجاب میں ڈینگی سے 4 اموات، مزید 134 مریض رپورٹ

لاہور سے 69، گوجرانوالہ سے 22، راولپنڈی سے 9 مریض رپورٹ ہوئے

لاہور (یواین پی) گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران صوبہ بھر سے ڈینگی کی 134 مریض رپورٹ ہوئے۔ ترجمان محکمہ صحت کے مطابق لاہور سے 69، گوجرانوالہ سے 22، راولپنڈی سے 9، ملتان سے 7، فیصل آباد سے 4، سرگودھا، مظفرگڑھ اور رحیم یار خان (بقیہ نمبر 22)

لاہور، چیئرپرسن احساس راشن رعایت پروگرام ڈاکٹر ثانیہ نشتر اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

پی ٹی آئی کے کچھ لوگ جذباتی ہو جاتے ہیں، چوہدری مونس الٰہی

یہ ہونا چاہیے، پرچہ کٹوانے کے لیے بہترین حل دیا کہ اپنے علاقے کے ایس ایچ او کا نام بتائیں

20 منٹ میں ایس ایچ او وزیرآباد لگ جائے گا، اپنی مرضی کا پرچہ کرا لیں پھر پی ٹی آئی کے لوگ خاموش ہو گئے

لاہور (یواین پی) مسلم لیگ (ق) کے رہنما و سابق وفاقی وزیر چوہدری مونس الٰہی کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی کے کچھ لوگ جذباتی ہو جاتے ہیں۔ انہوں نے پوڈ کاسٹ میں میزبان مزمل حسن سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیرآباد میں ہجوم اکٹھا ہو رہا تھا، ڈر تھا اسے مار نہ دیں۔ قریب ہی گجرات کا تھانہ تھا، ملزم کو وہاں منتقل کیا گیا۔ وہاں پر جو بھی ہوا سب نے دیکھا، ویڈیو بھی وہیں بنائی گئی۔ ہدایت پر ملزم کو سی ٹی ڈی کے حوالے کیا گیا۔ مونس الٰہی نے ویڈیو منظر عام پر آنے کے حوالے سے کہا کہ سینئر پولیس افسر سے پوچھا تو اس نے کہا سسٹم ہیک ہو گیا، جب ایک اور پولیس افسر سے پوچھا تو اس نے کہا کوئی سسٹم ہیک نہیں ہوا، بس آپ سمجھ جائیں جو ہوا ہے۔ مونس الٰہی نے کہا کہ جو کچھ ہوتا رہا بتاتا رہا وہ عمران خان کو بتاتا رہا، ان کی ہدایت پر چلتے رہے، پی ٹی آئی کے کچھ لوگ جذباتی ہو جاتے ہیں کہ یہ ہونا چاہیے (بقیہ نمبر 20)

پی ٹی آئی سوشل میڈیا ٹیم میں نئی بھرتیاں

پاکستان، امریکا، برطانیہ، کشمیر، کینیڈا، آسٹریلیا، مڈل ایسٹ سب کو دعوت عام

اسلام آباد (یواین پی) پاکستان تحریک انصاف نے اپنی سوشل میڈیا ٹیم میں شمولیت کے خواہشمندوں کو اچھی خبر سنا دی۔ پی ٹی آئی سوشل میڈیا ٹیم کے سیکرٹری جنرل جبران الیاس نے اپنی ٹیم میں نئے شامل ہونے والوں کا تعارف کرواتے ہوئے (بقیہ نمبر 19)

PGS (PRIME GRAMMAR SCHOOL)
Student of the Week (21.11.22)
Student Names

PRIME GRAMMAR OF EDUCATION

ہم سکول انتظامیہ اور تمام اساتذہ کا شکر گزار ہیں جنہوں نے ان طلبہ و طالبات کو اس قابل بنایا کہ یہ آج اس مقام پر ہیں اور آنے والے کل (روشن مستقبل) کا ایک حصہ بنے گے۔ شکریہ پرائم گرائمر آف ایجوکیشن شکریہ پاکستان۔

منجانب: والد اسد اللہ خان

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar

ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل پیج

حوصلہ قائم رہے یہی تو کامیابی ہے

زندگی نام ہی نشیب وفراز کا ہے۔ ہماری زندگی میں اچھے اور برے دن آتے رہتے ہیں۔ کبھی کبھی ہمارے اردگرد تاریکیاں اتنی بڑھ جاتی ہیں کہ ایسا لگتا ہے شاید اب کبھی سحر کا منہ دیکھنا ہی نصیب نہ ہو۔ لیکن ایسے میں زندہ رہنے کی خواہش سے نئی اُمیدیں بندھ جاتی ہیں اور یہ اُمید ہمیں جینے کا اور کوشش کرنے کا حوصلہ فراہم کرتی ہے۔ ونسٹن چرچل نے کہا تھا کہ ’’کامیابی حتمی منزل نہیں ہے اور نہ ہی ناکامی حتمی مایوسی، بس حوصلہ قائم رہے یہی سب سے بڑی کامیابی ہے‘‘۔ انسان کی کامیابی اس کی جسمانی ساخت سے ہرگز مشروط نہیں ہے۔ کامیابی کے لیے ذہنی اور فکری صلاحیتوں کے ساتھ ساتھ غیر متزلزل یقین، مصمم ارادہ اور آگے بڑھنے کی صلاحیت وخواہش بہت ضروری ہوتی ہیں۔ وہ لوگ جو کامیابی کے سفر میں رکاوٹوں کی پرواہ نہیں کرتے وہ غیر معمولی صلاحیتوں سے مالا مال ہوتے ہیں۔

ایسے ہی اپنے دونوں ہاتھوں سے محروم باہمت وخوددار سافٹ ویئر انجینئر محمد ذیشان کی کہانی ہمت اور حوصلہ سے منزل تک پہنچنے کی عملی مثال ہے۔ انجینئر محمد ذیشان مصنوعی ہاتھوں سے بہترین گاڑی چلاتا ہے۔ انہی ہاتھوں اور پیروں کی مدد سے کمپیوٹر چلانا، لکھنا اور کھانا پینا کرتا ہے۔ محمد ذیشان نے ثابت کردیا کہ ان ایبلیٹی اور ڈس ایبلیٹی میں بہت فرق ہوتا ہے۔ ان ایبلیٹی میں آپ کچھ کرنا نہیں چاہتے جبکہ ڈس ایبلیٹی میں تھوڑی زیادہ محنت کرکے وہی کام کیا جاسکتا ہے۔ اس سے زیادہ فرق نہیں پڑتا کہ انسان اپنے پاوں پر کھڑا ہو یا ڈہیلز پر، کام اپنے ہاتھ سے کرتا ہے یا مصنوعی ہاتھوں سے اہم یہ بات ہے کہ کام ہوا یا زندگی رک گئی۔

قارئین کرام! اوکاڑہ سے تعلق رکھنے والا خوددار نوجوان محمد ذیشان ملک میں خصوصی افراد کے لئے ایک مثال ہے۔ انہوں نے حال ہی میں کامسیٹس یونیورسٹی ساہیوال سے سافٹ ویئر انجینئرنگ مکمل کی۔ 2007 میں حادثاتی طور پر گیارہ ہزار وولٹ بجلی کی تاروں سے کرنٹ لگنے کے نتیجہ میں محمد ذیشان دونوں ہاتھ ناکارہ ہوگئے۔ ایک ایسی محرومی کہ زندگی تاریک لگنے لگی۔ لیکن انکے والدین نے ہمت اور حوصلہ کا مظاہرہ کرتے ہوئے ان تاریکیوں کو روشنی میں بدلنے کا فیصلہ کیا۔ محمد ذیشان کو شالامار ہسپتال لاہور میں چیرٹی ہاؤس کے ذریعے امریکہ میں علاج کے لئے لے جایا گیا۔ جہاں پر اسے مصنوعی ہاتھ لگائے گئے۔ انکے والد نعیم اور والدہ کنیز فاطمہ نے ہمت نہ ہاری اور اپنے بچے کو ابتدائی تعلیم صفہ ایجوکیشن ہاؤس، بعدازاں پنجاب کالج اوکاڑہ، جس کے بعد کامسیٹس یونیورسٹی میں سافٹ ویئر انجینئرنگ کی تعلیم کے لیے داخلہ دلوایا۔ آج محمد ذیشان ان افراد کے لئے حوصلہ ہے جو ہمت ہار کر گھر بیٹھ گئے ہیں۔ یہ باہمت نوجوان ایک رول ماڈل ہے۔ ایک یقین ہے ان لوگوں کے لیے جو اللہ تعالی کے فیصلوں کو دل سے تسلیم کرتے ہیں۔ اس حقیقت کو مانتے ہیں کہ معذوری اللہ تعالیٰ کی جانب سے ہے اور ہمت وحوصلہ بھی وہی رب العالمین ہی دیتا ہے۔ محرومی اللہ تعالی کی طرف سے کسی انسان کے ساتھ سپیشل ٹریٹمنٹ ہے جو کہ اللہ تعالی کی طرف سے ہے اسکے پیچھے کوئی حکمت ضرور کارفرما ہے۔ بس انسان کو آگے بڑھنے کا فیصلہ کرنا ہے۔ اپنی منزل کا انتخاب کرنا اور مثبت سوچ کو اپنانا ہے۔ ہمت اور محنت کو شعار بنائے تو اللہ تعالی آسانیاں عطا فرماتے ہیں۔ دونوں ہاتھوں سے محروم انجینئر محمد ذیشان خصوصی افراد کے لئے کام کرنا چاہتے ہیں۔ انکا کہنا ہے جب وہ دونوں ہاتھوں سے محروم ہوا اور امریکہ میں مصنوعی ہاتھ لگائے گئے۔ جس کے بعد میری زندگی ہی بدل گئی۔ میں نے امریکہ جا کر محسوس کیا کہ ہمارے اور انکے معاشرے میں کیا فرق ہے۔ ہمارے معاشرے میں میرے جیسے لوگوں کو ڈی گریڈ کیا جاتا ہے جبکہ امریکہ میں "پش اپ" کرتے ہیں اور وہاں کہا جاتا ہے کہ "آپ سب کچھ کریں" وہاں مجھے حوصلہ دیا گیا کہ آپ عام صحت مند مکمل انسان کی طرح سب کچھ کرسکتے ہیں۔ میرا وطن عزیز میں بسنے والوں سے یہی کہنا ہے کہ ہاتھ چھوڑنے کی بجائے ہاتھ تھامنا سیکھیں۔ دنیا کے ان غیر مسلم لیکن ترقی یافتہ ممالک کی طرح سسکتی انسانیت پر توجہ دیں۔ گرتے کو سہارا دیں۔ میرے جیسے لاکھوں خصوصی افراد آپکی توجہ کے مستحق ہیں۔ آپکی چھوٹی سی کوشش، کاوش اور مسکان ہمیں نیا حوصلہ بخش سکتی ہے۔ ہماری خواہشات مختصر ہیں۔

پی ٹی آئی کا دھرنا اور اسی روز چیف آف آرمی اسٹاف کا نوٹیفکیشن

سید نور الحسن گیلانی

تحریک انصاف کا لانگ مارچ اور چیف آف آرمی اسٹاف کی تعیناتی ایک اہم نقطہ، 5 نئے نام چیف آف آرمی اسٹاف کے طور پر جی ایچ کیو اور وزیراعظم پاکستان کو تجویز کیے گئے مگر سینئر ترین عاصم منیر جن کی ملازمت مدت 27 نومبر کو ختم ہوتی ہے اگر اس سے قبل نئے چیف آف آرمی اسٹاف کے سربراہ کے طور پر عاصم منیر کا نام منتخب ہوجاتا ہے تو ملازمت کی مدت میں تین سال توسیع ہوجاتی ہے جبکہ اسی روز سے نئے چیف آف آرمی اسٹاف کا بھی نوٹیفکیشن جاری ہوگا، اور تحریک انصاف نے بھی 26 نومبر کو راولپنڈی دھرنے کا اعلان کیا ہے اب ایک طرف عمران خان کا کہنا ہے کہ نئے چیف آف آرمی اسٹاف کی سلیکشن سینئر اور میرٹ پر ہونی چاہے دوسری طرف وہ حکومت پر سیاسی دباؤ ڈال کر اپنی مرضی کا چیف آف آرمی اسٹاف سلکٹ کروانا چاہتے ہیں جبکہ عمران خان ایک طرف اداروں کو نیوٹرل رہنے کا اعلان کررہے ہیں دوسری طرف ان کو دوبارہ اقتدار دلانے کیلئے درخواست بھی کررہے ہیں اب ایسی صورتحال میں تو ادارے نیوٹرل ہے وہ تو سیاسی مداخلت بلکہ نہیں کررہے، پھر اس کے باوجود عمران خان اپنے جلسے کو پاکستان کی 22 کروڑ عوام کا ترجمان کہہ رہے جبکہ حقیقت اس سے ہٹ کر ہے عوامی سروے کے مطابق عمران خان کی لگاتار احتجاج کے باعث کاروباری اور بے روزگاری پر پھوٹ پڑے ہیں، عوام کا کہنا ہے کہ اس وقت ملک کی معیشت مکمل تباہ ہوکر رہ گئی ہے جبکہ عمران خان کے تنخواہ دار تو ٹھیک ہے جو جلسوں اور ریلیوں میں شریک ہے ان کو ڈبل ڈبل پیسے مل رہے ہیں

جبکہ عام لوگوں کو کوئی فائدہ نہیں ہورہا، اب اگر تحریک انصاف عوام کیلئے جدوجہد کرتی ہے تو پھر بات بنتی ہے عمران خان کو تو بس ایک غصہ ہے کہ اسے اقتدار سے کیوں ہٹایا گیا ملک تباہ ہوتا ہے تو ہوجائے عوام بھوکی مرتی ہے تو مرے عمران خان کو تو بس کرسی چاہیے، اب اگر دیکھا جائے تو ماضی میں عمران خان کی حکومت تھی اس وقت عوام کیلئے کیا کیا گیا جو انہوں نے حلف اٹھاتے وقت اعلان کیا اس میں سے کوئی بھی بات پوری نہیں کی عمران خان اور ان کی جماعت کے حق میں اگر کوئی بولے تو وہ اچھا ہے صادق اور امین ہے اور اگر ان کے خلاف بولے تو وہ جھوٹا ہے کرپٹ اور چور ہے، ایسے لاجک لگائے جاتے ہیں۔

تحریک انصاف کے دور حکومت میں صحافیوں کو قتل کیا گیا ان کے خلاف جھوٹے مقدمات درج کیے گئے جو ان کے خلاف بولتے اور لکھتے تھے آج بھی یہ سلسلہ چل رہا ہے ان کے خلاف کوئی نہیں بولتا کیا یہ سلسلہ یوں ہی چلتا رہے گا، عمران خان نے جب بھی احتجاج کی کال دی اس وقت ملک اور تحریک آزادی کو بھاری نقصان پہنچا، اس سے قبل جب تحریک انصاف کا احتجاج ناکام ہوا اس وقت بھارتی عدالتوں میں حریت رہنما یاسین ملک کو سزا سنائی تھی جس پر ان کی اہلیہ نے عمران خان سے درخواست بھی کی تھی۔

ہمارے کونصل خانے

سلمان احمد قریشی

پاکستان سے باہر قدم رکھتے ہی انسان اپنے آپ کو بدلا ہوا محسوس کرتا ہے خاص کر ایسے پاکستانی جو محنت مزدوری کی خاطر پاکستان سے باہر نکل کر پھر وہیں کے ہوجاتے ہیں انکے اندر جو درد اور دکھ پاکستان کے حوالہ سے پایا جاتا ہے وہ کسی سے ڈھکا چھپا نہیں جسکا وہ کھل کر اظہار بھی کرتے ہیں پاکستان بنا تو کراچی ہمارا ترقی کے عروج پر تھا ہماری معیشت کا پہیہ رواں دواں تھا مان لیا کہ جمہوریت ہمارے لیے ناگزیر ہے مگر پھر بھی آمریت کے دور میں پاکستان مستحکم تھا جیسے جیسے ہم جمہوری دور میں داخل ہوئے ترقی کی بجائے تنزلی کا سفر شروع کردیا بی بی شہید کا کہنا تھا کہ جمہوریت بہترین انتقام ہے جو پاکستانی عوام سے لیا جارہا ہے میں سعودی عرب آیا تو یہاں کا نظام ہم سے سو گنا زیادہ بہتر ہے یہاں کے لوگ خوشحال ہیں گولی ٹافی سے لیکر بڑی بڑی اشیا باہر سے آتی ہیں یہاں کے لوگوں کے لیے مہنگائی ہے اور نہ ہی غربت ہر طرف خوشحالی ہی خوشحالی ہے بڑے بڑے پلازے جدید نظام ہے ایک دور وہ بھی تھا جب پاکستان سعودی حکومت کی مدد کیا کرتا تھا مگر پھر ہمیں ہمارے حکمران ہی لوٹنے لگے کسی نے لندن خرید لیا تو کسی نے سرے خرید لیا یہاں تک رہتا تو ٹھیک تھا مگر ان جمہوری لوگوں نے پوری دنیا میں اپنی جائیدادیں بنا کر ہمیں غلام بھی بنا لیا آج بھی لوگ ان کے نعرے لگاتے ہیں جو لندن میں بیٹھ کر کہتے ہیں کہ ہم پاکستان کی تقدیر بدلیں گے مگر انہوں نے پاکستان کا نظام بدلنے کی بجائے خود کو ہی تبدیل کرلیا پاکستان سے باہر بسنے والے پاکستانی اس بات کو بخوبی سمجھتے ہیں کہ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں اگر سب سے بڑی رکاوٹ ہیں تو وہ میاں نواز شریف اور زرداری خاندان ہے ان دونوں نے جمہوریت کے نام پر ملک میں بدترین آمریت مسلط کررکھی ہے انتقامی کاروائیوں میں یہ لوگ اس حد تک گر جاتے ہیں کہ ارشد شریف جیسے محب وطن صحافی کو بھی ملک چھوڑ کر جانا پڑتا ہے مگر پھر بھی وہ انتقامی کاروائیوں کا نشانہ بن جاتا ہے پاکستان کے وہ لوگ جو ملک سے باہر ہیں انکا درد کوئی محسوس نہیں کرتا بلکہ انہیں مزید تنگ کیا جاتا ہے حالانکہ انکی سہولت کے لیے ہر ملک میں سفارت خانہ اور کونصل جنرل بیٹھے ہوئے ہیں جدہ میں بھی پاکستان کا کونصل خانہ ہے جدہ میں اس وقت پاکستان سمیت تقریبا 87 غیر ملکوں کی نمائندگی موجود ہیں جن میں 63 قونصل جنرل 22 قونصل خانے جو اپنی عوام کو سہولیات فراہم کرنے میں مصروف ہیں جدہ میں پاکستانی کونصل جنرل بیٹھتے ہیں ان کے دفتر ٹیلی فون کریں تو کوئی اٹھاتا نہیں تین چار بار کال کرنے کے بعد جب ایک خاتون کی آواز سننے کو ملتی ہے تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے ڈیرہ غازی خان یا راجن پور کے کسی تھانے میں ٹیلی فون کرلیا ہو اور یہ ایسا کہ ایک بار فون کرنے کے بعد دوبارہ ہمت نہیں پڑتی انفارمیشن گروپ کے ایک خوبصورت افسر طاہر خوشنود جو پرنسل انفارمیشن آفیسر بھی رہے آج کل وی لاگ بنارہے ہیں ایک جگہ انہوں نے اس بات کا ذکر بھی کیا کہ ان سفارت خانوں میں تعیناتیاں کیسے ہوتی ہیں مجھے جدہ میں اپنے عوامی خدمتگاروں کے رویے اور تجربے کے بعد یقین ہوگیا کہ ہمارا ٹھیک ہونا ناممکن ہے اللہ کرے کہ سعودیہ جیسا نظام پاکستان میں بھی لاگو ہو جائے تا کہ عوام کو سکون مل سکے جدہ سمیت اس وقت پاکستان کے مختلف ممالک میں تقریبا 94 کونصل خانے ہیں اور مجھے پوری امید ہے کہ وہاں کے پاکستانی اتنے ہی ناخوش ہونگے جتنے جدہ والوں سے ہیں نہیں یقین تو اپنے کسی بھی جاننے والے سے فون کرکے پوچھ لیں یا ان ممالک افغانستان، البانیہ، الجیریا، آسٹریا، بحرین، بنگلہ دیش، بیلجیم، برونائی، برکینا فاسو، کیمرون، کینیڈا، چاڈ، چلی، چین، کوٹ ڈی آئیور، قبرص، جمہوریہ چیک، ڈنمارک، جبوتی، مصر، اریٹیریا، ایتھوپیا، فنلینڈ، فرانس، گبون، گیمبیا، جرمنی، گھانا، یونان، گنی، ہندوستان، انڈونیشیا، عراق، اٹلی، جاپان، اردن، قازقستان، کوریا (جمہوریہ)، کویت، لبنان، [illegible] لینڈ، نائجر، نائجیریا، ناروے، عمان، فلسطین، فلپائن، پولینڈ، قطر، رومانیہ، روس، سینیگال، سنگاپور، سلوواکیہ، سلووینیا، صومالیہ، جنوبی افریقہ، سپین، سوڈان، سویڈن، سوئٹزرلینڈ، شام، تنزانیہ، تھائی لینڈ، ٹوگو، تیونس، ترکی، یوگنڈا، یوکرین، متحدہ عرب امارات، برطانیہ، ریاستہائے متحدہ، ازبکستان اور یمن کے کونصل خانوں میں ایک فون گھمائیں اندازہ ہوجائیگا کہ ہم پاکستانی جہاں بھی جائیں افسری کے لیے ہی جاتے ہیں عوام اپنی خدمت کا کوئی نہ کوئی راستہ خود ہی نکال لے گی پاکستان میں اگر یہی نظام اور سسٹم چلتا رہا تو ہوسکتا ہے کہ آنے والے دنوں میں حالات کسی کے قابو میں بھی نہ رہیں کیونکہ ہر چیز کا ایک پیمانہ ہوتا ہے ہر شخص کی ایک قوت برداشت ہوتی ہے اور جب بات بس سے باہر ہوجائے تو پھر کسی کا اختیار نہیں چلتا اور اس وقت اختیار والے خود بھاگ جاتے ہیں میاں نواز شریف بیماری کا بہانہ بنا کر ایسے فرار ہوئے کہ ابھی تک واپسی کا نام نہیں لے رہے حالانکہ انکا بھائی اس وقت وزیراعظم پاکستان ہے جی بلکل جنہوں نے ضمانت دی تھی کہ میاں صاحب واپس آجائیں گے خیر بات کررہا تھا میں کونصل خانوں کی جہاں ہمارا رنگ جھلکتا ہے کہ پاکستانی کیسے لوگ ہیں بہت سی باتیں ہیں زندگی کا ساتھ رہا تو انشاء اللہ لکھوں گا میں پاکستان سے نکلا تو دو دوستوں کی مشتاق وارثی اور طارق ٹیڈی کے انتقال کی خبریں ملیں اللہ تعالی انہیں جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائے آمین دونوں ہی اپنے اپنے شعبے میں کمال کی شخصیت تھیں طارق ٹیڈی جب ہسپتال میں تھے تو پیسوں کی کمی کی وجہ سے وہ دوسرے ہسپتال نہیں جاسکے جس پر میں نے لکھا تو پھر چوہدری پرویز الٰہی نے ایکشن لیا مگر اس وقت تک بہت دیر ہوچکی تھی پاکستان میں فنکاروں کو سپورٹ کرنے والے اداروں میں بھی کونصل خانوں میں تعینات جیسے لوگ موجود ہیں جو وقت پر کسی کی کوئی مدد نہیں کرتے بعد میں سوشل میڈیا پر رونا پیٹنا شروع کردیتے ہیں۔

قومی یوم صحافت اور بے وقعت ہوتی صحافت

سید احمد قادر انڈیا

قومی یوم صحافت کی اہمیت اور افادیت اس لحاظ سے بڑھ جاتی ہے کہ گزشتہ کئی دہائیوں (1966 سے ہر سال 17 نومبر کو پریس کونسل کی جانب سے انعقاد اور اہتمام کیا جاتا ہے۔ ہمارا ملک دنیا میں سب سے بڑا جمہوری ملک ہے اور صحافت جمہوریت کا چوتھا ستون مانا جاتا ہے۔ اس لئے اس چوتھے ستون کے تحفظ کے لئے پریس کونسل کا قیام عمل میں آیا تھا۔ آزادی ہند کے بعد پہلا پریس کمیشن 1956 میں ملک کے اندر صحافت کی ذمہ داریوں اور پریس کی آزادی کے لئے ایک کونسل کا تصور کیا گیا تھا۔ جس کے ذریعہ دس سال بعد یعنی 4 جولائی 1966 پریس کونسل کی تشکیل عمل میں آئی اور باضابطہ 16 نومبر 1966 سے جاری کیا گیا۔ اس وقت سے ہر سال اس تاریخ کو پریس کونسل آف انڈیا کی جانب سے قومی یوم پریس کا انعقاد کیا جاتا ہے اور دوسرے دن یعنی 17 نومبر کو قومی یوم صحافت منعقد کیا جاتا ہے، جس میں ملک بھر کے ایسے [illegible] اخوت، امن و آشتی اور بھائی چارگی کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ ساتھ ہی ساتھ ملک میں آزادی اظہار کو برقرار رکھنے میں معاون ہوا اور صحافت کے اعلی معیار کو قائم رکھے نیز ایسے میڈیا حکومت اور عوام کے درمیان ایک پل کے طور پر اپنی بہترین کاوش سے ملک میں بہتر ماحول تیار کرتا ہے۔ اس وقت دنیا کے پچاس ممالک میں پریس کونسل قائم ہیں، کچھ ممالک میں پریس کونسل کو میڈیا کونسل بھی کہا جاتا ہے۔ دن بہ دن پریس کونسل کی اہمیت اس لئے بھی بڑھ رہی ہے بکہ موجودہ صحافت میں حقائق کو توڑ مروڑ کر اور سنسنی خیز بنا کر پیش کرنے کی عادت سی ہوتی جارہی ہے جس کے باعث صحافتی ذمہ داریوں میں عدم توازن بڑھتا جارہا ہے۔

اپنے ملک کی صحافت کو کل اور آج کے آئینے میں دیکھ کر یہی کہا جاسکتا ہے کہ اردو صحافت کا کل سنہری تھا اور آج زبون حالی کی شکار ہے۔ یہی وجہ ہے کہ گزشتہ چند برسوں میں ملک کی آزادی صحافت کا گراف بہت تیزی سے گرتا جارہا ہے۔ اس سال 180 ممالک کے درمیان، ہمارے ملک کی صحافت 150 ویں مقام پر پہنچ گئی ہے، جبکہ گزشتہ سال 142 ویں پائدان پر تھی۔ اس سے ملک صحافت کے گرتے معیار اور وقار کا اندازہ بخوبی لگایا جاسکتا ہے۔

صحافت کی تاریخ کا مطالعہ کیا جائے تو اندازہ ہوگا کہ صحافت کا مزاج ہمیشہ سے باغیانہ رہا ہے۔ اس وجہ یہ ہے کہ اسے عہد غلامی میں ہی اسے بلوغت حاصل ہوئی۔ ایسے ماحول اور جبر وظلم اور حق تلفی کے حالات میں اسے اپنے مظاہر کے جلوہ گری کا موقع ملا۔ ایسے حالات میں صحافت کو انگریزوں کی سخت پابندیوں اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ حق گوئی اور جرت مندانہ تحیروں کی پاداش میں کئی زبان کے اخبارات کو ضبط کئے جانے اور بھاری جرمانے کی سزا دی گئی۔ لیکن انگریزوں کے غلط فیصلوں اور ملک دشمن پالیسیوں کے خلاف اظہار جرت، ہمت، عزم اور حوصلے میں کوئی کمی واقع نہیں ہوئی۔ حکومت کی مدح سرائی اور ستائش سے اخبارات نے ہمیشہ گریز کیا۔ جس کے باعث حکومت کی نظر میں ہمیشہ سے ایسی صحافت کھٹکتی رہی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ صحافت اگر حق گوئی، بے باکی، بے خوفی، جرت مندی اور حوصلہ مندی کا نام ہے تو آج کی تمام تر صحافت مشکل دور سے دوچار ہے۔ جب سے صحافت ریاضت اور عبادت سے دور ہوکر صارفیت اور تجارت اور حکومت وقت کی مدح سرائی میں مصروف ہوگئی ہے۔ اس وقت سے صحافت نے اپنا معیار اور وقار کھودیا ہے اور اپنی شاندار روایت سے بہت دور کھڑی نظر آرہی ہے۔

آج صحافت نے عموی طور پر عوام کے درمیان سے اپنا اعتماد اور اعتبار برقرار نہیں رکھ پارہی ہے۔ یوں تو ہر دور میں صحافت کو سیاست دانوں نے اپنے سیاسی مفادات کے لئے استعمال کرتے ہوئے اس کی حرمت اور عظمت کو پامال کیا ہے۔ [illegible] ایسے واقعات پہلے نسبتاً کم ہوا کرتے تھے۔ ادھر گزشتہ چند برسوں میں صحافت نے جس طرح عوام کے درمیان سے اپنا وقار اور بھروسہ کھویا ہے، وہ تشویشناک ہی نہیں بلکہ ملک کی تاریخ کا سیاہ باب کے طور پر درج ہورہا ہے۔ صحافت کی عظمت، حرمت اور جرت پر بھی گہن لگ رہا ہے۔ سوشل میڈیا پر جو لوگ متحرک ہیں، وہ اس امر سے بخوبی واقف ہیں کہ اس دور کو زرد صحافتی دور کہا جا رہا ہے۔ اس سیاق وسباق میں اگر ہم اپنے ملک کی موجودہ اردو صحافت پر ایک نگاہ ڈالیں تو مزید خوشی ہوتی ہے کہ چند اخبارات ورسائل کو چھوڑ کر بیشتر اردو اخبار ورسائل نے اپنے ملک وقوم کے مسائل کو فوقیت دی ہے اور خصوصیت کے ساتھ جہاں کہیں جانبدارانہ، عامرانہ، متعصبانہ، جاگیردارانہ اور غیر منصفانہ روی نظر آیا۔ اس کے خلاف سینہ سپر ہوتے ہوئے محاذ آرائی کی ہے۔ گرچہ ان کی آواز نقار خانے میں طوطی کی آواز ہی رہی۔ پھر بھی اردو صحافت نے اپنے صحافتی فرائض اور ذمہ داریوں کو فراموش نہیں کیا ہے۔ ہم اس امر سے بھی انکار نہیں کرسکتے ہیں کہ موجودہ صارفیت کے اس دور میں اردو صحافت بھی عبادت اور ریاضت سے بھٹک کر تجارت کی دوڑ میں شامل ہوگئی ہے۔ جس کا منفی اثر یہ ہورہا ہے کہ سرکاری اشتہارات کے لئے بیشتر اخبارات حکومت وقت کی ستائش اور مدح سرائی کرتے نظر آتے ہیں۔ دوسری منفی بات اردو صحافت کی یہ نظر آرہی ہے کہ بڑے بڑے تاجرانہ ذہنیت کے غیر اردو داں صنعت کار اردو صحافت کی دنیا داخل ہوکر اردو صحافت کے معیار و وقار سے سمجھوتہ کرتے ہوئے منافع کا ذریعہ بنارہے ہیں۔

ایسے ناگفتہ بہ حالات میں جو لوگ بڑے حوصلہ اور عزم کے ساتھ اردو صحافت کی خدمات انجام دے رہے ہیں اور حق وانصاف کے لئے بنرد آزما ہیں۔ وہ قابل مبارکباد ہیں۔

ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہئے کہ آزادی ہند سے قبل صحافت کی ابتدا جبر، ظلم اور استبداد کے خلاف آواز بلند کرنے، حق گوئی، صداقت اور آزادی تحریر کی جنگ کے ساتھ ہوئی، جس کا سہرا یقینا جیمس آگسٹس ہکی (James Augustus Hicky) کے سر جاتا ہے، جس نے نہ صرف غیر منقسم بھارت میں صحافت کی باقاعدہ ابتدا کی، بلکہ ظلم وستم، استحصال اور بربریت کے خلاف بے باک، بے لاگ اور بے خوف صحافت کی نیو ڈالی جنوری 1780 کو اجر کئے جانے والے چار صفحات پر مشتمل اور 12x8 انچ سائز پر ایک ہفتہ وار اخبار Hicky's Gazette or Calcutta General Adviser کے نام سے، جسے لوگ ہکی گزٹ کے نام سے بھی یاد کرتے ہیں۔ اس میں جیمس آگسٹس ہکی نے لکھا تھا:

اخبار چھاپنے کا مجھے کوئی خاص شوق نہیں ہے اور نہ میری طبیعت کو اس کام سے لگاؤ ہے، میری پرورش بھی اس طرح کی نہیں ہوئی ہے کہ میں محنت ومشقت کی غلامانہ زندگی کا عادی بن سکوں، لیکن ان سب باتوں کے باوجود روح ودماغ کی آزادی خریدنے کے لئے میں اپنے جسم کو بخوشی غلام بنارہا ہوں۔ اس امر سے انکار نہیں کیا جاسکتا ہے کہ صحافت ترسیل وابلاغ کا اتنا موثر اور طاقتور ذریعہ ہے، اور واقعات حاضرہ کی معلومات بہم پہنچانے کا اتنا بہتر وسیلہ ہے کہ دنیا کے بڑے بڑے سماجی پیشوا، سیاسی رہنما اور مشاہیر ادب نے نہ صرف اس کی بھرپور طاقت کے سامنے سر تسلیم خم کیا بلکہ اپنے افکار واظہار کی تشہیر کے لیے صحافت سے منسلک بھی رہے۔

ہم اس حقیقت سے بھی انکار نہیں کرسکتے ہیں کہ اظہار رائے کی آزادی اور انسانی حقوق کے الفاظ معاصر منظرنامے میں بے معنی اور بے وقعت ہورہے ہیں۔ اختلاف رائے جمہوریت کا حسن ہے، لیکن آزادی صحافت پر پہرے بٹھائے جا رہے ہیں، آواز کو دبانے کی کوششیں ہو رہی ہیں۔ افسوس اس بات کا ہے کہ میڈیا پر ہی یہ الزام عائد کیا جارہا ہے کہ میڈیا، حکومت پر مثبت تنقید کے بجائے الزام تراشیاں کررہا ہے، جس کے باعث جمہوریت کمزور پڑ رہی ہے اور حکومت غلط راہوں پر جانے پر مجبور ہورہی ہے۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ جمہوریت اور اس کے استحکام، سیکولرازم کے فروغ اور سماج کا رخ موڑنے میں صحافت نے جو رول ادا کیا ہے اور بعض اخبارات کررہے ہیں، انہیں فراموش نہیں کیا جاسکتا ہے۔

آج جب کہ پوری دنیا صارفیت کے چنگل میں ہے۔ پھر بھی کچھ صحافی اپنی پوری ذمہ داری، غیر جانب داری، بے باکی، بلند حوصلہ اور جرت مندی کے ساتھ جمہوریت اور اس کے استحکام کے ساتھ ساتھ انسانی اقدار وافکار کے لئے عمل پیرا ہیں۔ ایسے صحافیوں کی موجودگی سے، صحافت کی جو اعلی قدریں ہیں، وہ برقرار ہیں۔ اردو صحافت بھی اپنے شاندار ماضی اور روایت کی راہ پر گامزن ہوتے ہوئے کامیابی اور کامرانی سے ہم کنار ہوسکتی ہے، بشرطیکہ ہمارے ملک میں اردو زبان کے ساتھ سوتیلا پن کا سلوک نہ کیا جائے۔

Show Biz
شوبز کارنر

میں بہت فوٹو گرافیک پرسن ہوں، سیف علی خان

سوشل میڈیا اکاؤنٹ رکھنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے، جب میں کچھ شیئر ہی نہیں کرسکتا اداکار کی گفتگو

ممبئی (یو این پی) بالی ووڈ انڈسٹری کے چھوٹے نواب نے سوشل میڈیا استعمال نہ کرنے کی دلچسپ وجہ اپنے مداحوں کو بتادی جسے جان کر ہوسکتا ہے کہ ان کے پرستاروں کی شکایت دور ہوجائے۔ سیف علی خان کی اہلیہ کرینہ کپور اکثر اپنی اور اپنے گھر والوں کی جھلکیاں سوشل میڈیا پر شیئر کرتی رہتی ہیں، جبکہ اس کے برعکس سیف علی خان سوشل میڈیا سے دور رہنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے سیف علی خان نے سوشل میڈیا سے دوری کی انتہائی دلچسپ وجہ بتاتے ہوئے کہا کہ ’میں بہت فوٹو گرافیک پرسن ہوں۔

چیتے کے بچے نے بالی ووڈ اداکارہ کو کمرے سے بھاگنے پر مجبور کردیا

اپنی ویڈیوز اور تصاویر شیئر کرکے مختلف سرگرمیوں سے مداحوں کو مطلع کرتی رہتی ہیں

دبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ شہناز گل چیتے کے بچے کو دیکھ کر خوفزدہ ہوکر کمرے سے بھاگ گئیں۔ اداکارہ نے انسٹاگرام پر ایک ویڈیو اپلوڈ کی ہے جس میں چند افراد نے انہیں چیتے کا ایک پالتو بچہ دکھانے کی کوشش کرتے ہیں۔ اداکارہ نے انسٹاگرام پر ایک ویڈیو اپلوڈ کی ہے جس میں چند افراد نے انہیں چیتے کا ایک پالتو بچہ دکھانے کی کوشش کرتے ہیں۔ وڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے شہناز اپنے دوستوں کے ساتھ ایک کمرے میں پھونک پھونک کر قدم رکھتے ہوئے داخل ہوئیں جہاں چیتے کا بچہ تھا۔ اداکارہ کی نظر جیسے ہی چیتے پر پڑی وہ کانوں کو ہاتھ لگائے ہوئے ڈر کر کمرے سے دوڑ کر باہر چلی جاتی ہیں۔ شہناز گل نے انسٹاگرام پر وڈیو کا کیپشن بھی ’میں ڈر گئی‘ لکھا ہے۔ واضح رہے کہ اداکارہ آج کل دبئی میں ہیں۔

اکشے کمار نے بیوی کے اعتراض کے بعد پریانکا کے ساتھ کام کرنا چھوڑا

پریانکا چوپڑا اور بپاشا باسو نے مرکزی کردار ادا کیے تھے، بھارتی فلمساز



ممبئی (این این آئی) بھارتی فلمساز سنیل درشن نے دعویٰ کیا ہے کہ بالی ووڈ اسٹار اکشے کمار نے اداکارہ پریانکا چوپڑا کے ساتھ سالوں قبل فلموں میں کام کرنا چھوڑ دیا تھا، اس کی وجہ اکشے کی اہلیہ ٹوئنکل کھنہ کا اپنے شوہر کا پریانکا کے ساتھ کام پر اعتراض تھا۔ سنیل درشن جنہوں نے فلم برسات کی ہدایتکاری کی تھی، اس فلم میں ابتدا میں اکشے کمار شامل تھے لیکن بعد میں اکشے نے اپنی اہلیہ کے تحفظات پر اس فلم کرنے سے معذرت کرلی تھی۔ واضح رہے کہ فلم برسات 2005 میں ریلیز ہوئی اور یہ ایک رومانوی ڈرامہ پر مبنی فلم تھی جس میں بوبی دیول، پریانکا چوپڑا اور بپاشا باسو نے مرکزی کردار ادا کیے تھے۔

ارمینا خان کے ہاں جلد ننھے مہمان کی آمد متوقع

اداکارہ نے اپنے دوست فیصل خان سے شادی کی تھی اور وہ ان کے ساتھ انگلینڈ میں رہتی

لندن (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ ارمینا خان کے ہاں جلد ننھے مہمان کی آمد متوقع ہے۔ ارمینہ خان نے انسٹاگرام پر اپنے ’بے بی شاور‘ کی تصاویر شیئر کرتے ہوئے مداحوں کو یہ خوشخبری سنائی ہے۔ ارمینہ خان نے اپنی ان تصاویر کے کیپشن میں ماں بننے کے مرحلے کو اپنے لیے زندگی کا سب سے خوبصورت اور بڑا پروجیکٹ قرار دیتے ہوئے خدا کا شکر ادا کیا ہے۔ اداکارہ کی ان تصاویر کو مداحوں کی جانب سے بیحد پسند کیا جارہا ہے اور وہ ان سے کمنٹ باکس میں نیک تمناؤں کا اظہار کررہے ہیں۔

شاہ رخ خان کے گھر کے باہر لگی نیم پلیٹ کی تصاویر توجہ کا مرکز بن گئی

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کنگ خان کے ممبئی میں واقع گھر ’’منت‘‘ کے باہر لگی نیم پلیٹ (نام کی تختی) سوشل میڈیا صارفین کی توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہے۔ سوشل میڈیا پر شاہ رخ کے گھر کی نیم پلیٹ کی کچھ تصاویر اور ویڈیوز وائرل ہے جس کی وجہ یہ ہے کہ جھلملاتی نیم پلیٹ کو ہیروں سے تیار کیا گیا ہے جس کے اوپر اداکار کے گھر کا نام ’منت‘ درج ہے۔ منت کی نیم پلیٹ تقریباً 2 ماہ بعد تیار کرکے لگائی گئی ہے جو کہ مکمل طور پر ہیروں سے بنائی گئی ہے۔

بھارتی اداکارہ کی کار کو جرمنی میں حادثہ، ٹانگوں پر شدید زخم آئے

حادثے کی وجہ سے میں نے اپنا دورہ مختصر کردیا ہے اور فوری وطن واپس آرہی ہوں، اداکارہ

برلن (این این آئی) بھارت کی معروف ٹی وی اداکارہ کو جرمنی میں حادثہ پیش آیا ہے جس کے نتیجے میں وہ زخمی ہوئی ہیں۔ معروف ڈرامے ’تارک مہتا کا الٹا چشمہ میں ’ببیتا ایئر‘ کا کردار ادا کرنے والی اداکارہ مُن مُن دتہ نے انسٹاگرام پر اپنے مداحوں کو حادثے سے متعلق اطلاع دی۔ مُن مُن دتہ ان دنوں جرمنی میں چھٹیاں گزارنے کیلئے موجود ہیں جہاں ان کی کار کو حادثہ پیش آیا۔ انہوں نے بتایا کہ جرمنی میں میرا ایک ایکسیڈنٹ ہوگیا ہے۔ جس کے نتیجے میں میرے بائیں گھٹنے پر شدید چوٹ آئی ہے، اس حادثے کی وجہ سے میں نے اپنا دورہ مختصر کردیا ہے۔

مارویل، ڈی سی کے مداح ایک ہی کانٹینٹ دیکھ کر تھک چکے، سروے

ڈی سی ریلیز کے مقابلے میں زیادہ تر مداح مارویل ہی دیکھنا چاہیں گے

نیویارک (این این آئی) حالیہ فلم کی شاندار کامیابی کے بعد مارویل کے مداح اس سیریز کو دیکھ دیکھ کر تھک چکے ہیں۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق فینڈم نامی ایک مداحوں کے پلیٹ فارم نے اپنی تحقیق کے تناظر میں کہا ہے کہ اس سیریز کو دیکھنے والا ایک طبقہ ایسا بھی ہے جو اس سے بور ہوچکا ہے یا پھر ایک ہی طرح کا مواد دیکھ دیکھ کر تھک چکا ہے۔ فینڈم کے مطابق ڈی سی ریلیز کے مقابلے میں زیادہ تر مداح مارویل ہی دیکھنا چاہیں گے، تاہم امکان یہ ہے کہ مداح سپر ہیروز کی بھرمار نہیں بلکہ ایک سپر ہیرو کی کہانی کی طرف زیادہ متوجہ ہوسکتے ہیں۔ اس پلیٹ فارم کی جانب سے کیے گئے سروے میں 5 ہزار افراد نے حصہ لیا جس میں انٹرٹینمنٹ سے لے گیمنگ کے شوقین افراد شامل تھے۔

SPORTS
کھیل کھلاڑی

مجھے روکنا مشکل، موقع ملا تو انگلینڈ کیخلاف بھی اچھا پرفارم کروں گا

میرا مانسہرہ سے تعلق ہے لیکن کرکٹ ساری کراچی میں کھیلی ہے، اسپنر ابرار احمد

لاہور (این این آئی) انگلینڈ کے ٹیسٹ سیریز کے لیے قومی ٹیسٹ اسکواڈ میں شامل ہونے والے اسپنر ابرار احمد نے کہا ہے کہ مجھے روکنا مشکل ہے، موقع ملا تو انگلینڈ کے خلاف بھی اچھا پرفارم کروں گا۔ انہوں نے ایک انٹرویو میں کہا کہ ٹیسٹ کھیلنا ہر کھلاڑی کا خواب ہوتا ہے، اب میرا نام ٹیسٹ اسکواڈ میں آیا ہے تو خوشی بیان سے باہر ہے، رواں سیزن میں جب شروع کے تین چار میچز میں وکٹیں لیں تو ساتھی کھلاڑیوں نے کہنا شروع کردیا تھا کہ میں اسکواڈ میں آؤں گا، سرفراز احمد بھی بار بار کہتے تھے، تم اچھا کررہے ہو تم کھیلو گے۔ انہوں نے کہا کہ اسی طرح چیف سلیکٹر محمد وسیم بھی بولنگ کا پوچھتے رہتے تھے کہ کیسی جارہی ہے، اس طرح مجھے اندازہ ہوگیا تھا کہ مجھے موقع ملنے والا ہے، اب میرا نام آیا ہے تو میں ڈومیسٹک کرکٹ کی طرح انگلینڈ کے خلاف سیریز میں بھی اچھی پرفارمنس کے لیے پر امید ہوں، میرا اسکواڈ میں جب نام آیا تو چونکہ ماں کے ساتھ الگ ہی لگا ہوتا ہے اس لیے سب سے پہلے انہیں بتایا۔ ابرار احمد نے بتایا کہ شروع میں ٹیپ بال سے فنگر اسپن کرتا تھا، پھر راشد لطیف اکیڈمی میں آگیا، میرا مانسہرہ سے تعلق ہے لیکن کرکٹ ساری کراچی میں کھیلی ہے، میں مینڈس اور مجیب الرحمٰن کی طرح فنگر اسپن کرتا ہوں، سنیل نارائن کو بھی دیکھتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے ساتھی کھلاڑی وائٹ بال کا ایکسپرٹ کہا کرتے تھے۔

دورہ پاکستان کیلئے انگلش کرکٹر لیام لیونگسٹن بگ بیش لیگ سے دستبردار

ویسٹ انڈیز کے آندرے رسل کیساتھ پہلے 4 میچز کا معاہدہ کیا گیا ہے: میلبورن رینیگیڈز

لاہور (یو این پی) ٹیسٹ سیریز کے لیے پاکستان آنے والی انگلینڈ کرکٹ ٹیم کے کھلاڑی لیام لیونگسٹن آسٹریلیا کی بگ بیش لیگ سے دستبردار ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق شاندار اور جارحانہ بیٹنگ کی وجہ سے مشہور انگلینڈ کرکٹ ٹیم کے لیام لیونگسٹن کو اوورسیز ڈرافٹ [illegible] رینیگیڈز نے منتخب کیا تھا، میلبورن رینیگیڈز کا کہنا ہے کہ لیام لیونگسٹن کی بین الاقوامی مصروفیات بڑھ گئی ہیں اور وہ دسمبر میں ٹیسٹ سکواڈ کے ساتھ مصروف ہیں، ویسٹ انڈیز کے آندرے رسل کے ساتھ پہلے 4 میچز کا معاہدہ کیا گیا ہے۔ میلبرن رینیگیڈز کے جنرل منیجر کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ ہمیں لیام لیونگسٹن کی عدم دستیابی پر مایوسی ہے لیکن ہم فیصلے کو سمجھتے ہیں، واضح رہے کہ پاکستان کے درمیان 3 ٹیسٹ میچوں کی سیریز کھیلی جائے گی۔، پہلا ٹیسٹ میچ یکم دسمبر سے راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں شیڈول ہے۔

ٹوین سٹی فٹ بال ٹورنامنٹ میں راوی کلب اور نشتر کلب نے اپنے اپنے میچز جیت لئے

اسلام آباد (این این آئی) پاک سپورٹنگ فٹ بال کلب کے زیر انتظام جاری ٹوین سٹی فٹ بال ٹورنامنٹ میں راوی کلب، اسلام آباد اور نشتر کلب، راولپنڈی نے اپنے اپنے میچز جیت کر اگلے راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کرلیا ہے۔ اس موقع پر ماشا یونائیٹڈ فٹ بال ٹیم کے صدر اور سابق سیکرٹری اسلام آباد فٹ بال ایسوسی ایشن رانا محمد اشرف خان مہمان خصوصی تھے۔ اسلام آباد فٹ بال ایسوسی ایشن کے سابق نائب صدور محمد زمان، سید تنویر احمد اور سید مقبل حسین نقوی، پنجاب فٹ بال ایسوسی ایشن کے سابق چیئرمین شوکت علی خان، قومی فٹ بال ٹیم کے سابق منیجر عرفان خان نیازی، آرگنائزنگ کمیٹی کے چیئرمین شفقت رضا، سیکرٹری محمد شدیر خان، اسوافٹ بال اکیڈمی کے کوچ صدیق بنگش اور جناح کلب کے صدر طارق محمود چوہدری کے علاوہ شائقین کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔ کراچی کمپنی فٹ بال گراؤنڈ میں کھیلے گئے پہلے میچ میں راوی کلب نے اسلام آباد اکیڈمی کلب نے 1-4 گول سے ہرادیا۔ راوی کلب کی جانب سے فراز، ناصر، خیام اور فہیم نے ایک، ایک گول کیا جبکہ اسلام آباد اکیڈمی کلب کی جانب سے واحد گول عمیر نے کیا۔ دوسرے میچ میں نشتر کلب نے سلان کلب کو 1-3 گول سے ہرا کر اگلے راؤنڈ میں جگہ بنالی ہے۔

شاداب کے متبادل کے طور پر ہوبارٹ ہیوری کینز کا انگلش کرکٹر سے معاہدہ

کرکٹر شاداب خان پاکستان کی محدود اوورز کی سیریز کے دوران دستیاب نہیں ہوں گے

سدنی (این این آئی) بگ بیش کی ٹیم ہوبارٹ ہیوری کینز نے شاداب خان کے متبادل کے طور پر انگلش کرکٹر سے معاہدہ کرلیا۔ ہوبارٹ ہیوری کینز کا کہنا ہے کہ انگلینڈ کے زیک کرالی سے متبادل انٹرنیشنل پلیئر کے طور معاہدہ کیا ہے۔ بگ بیش لیگ کی ٹیم نے کہا کہ شاداب خان پاکستان کی محدود اوورز کی سیریز کے دوران دستیاب نہیں ہوں گے۔ ہوبارٹ ہیوری کینز کا کہنا ہے کہ شاداب خان کی غیر موجودگی میں زیک کرالی انٹرنیشنل پلیئر ہوں گے۔

انگلینڈ ٹیسٹ ٹیم کا دورہ پاکستان، لیام لیونگسٹن بگ بیش لیگ سے دستبردار

لندن (این این آئی) ٹیسٹ سیریز کے لیے پاکستان آنے والی انگلینڈ کرکٹ ٹیم کے کھلاڑی لیام لیونگسٹن آسٹریلیا کی بگ بیش لیگ سے دستبردار ہوگئے۔ جارحانہ بیٹنگ کی وجہ سے مشہور انگلینڈ کے لیام لیونگسٹن کو اوورسیز ڈرافٹ میں میلبرن رینیگیڈز نے منتخب کیا تھا۔ میلبرن رینیگیڈز کا کہنا ہے کہ لیام لیونگسٹن کی بین الاقوامی مصروفیات بڑھ گئی ہیں اور وہ دسمبر میں ٹیسٹ اسکواڈ کے ساتھ مصروف ہیں۔

فیفا ورلڈ کپ افتتاحی تقریب میں اسلامی تاریخ کا یادگار لمحہ دیکھا گیا

دنیا کے سب سے بڑے ایونٹ میں قرآن پاک کی تلاوت ہوئی، خوشدل شاہ

لاہور (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے کھلاڑی خوشدل شاہ کو بھی فیفا ورلڈ کپ کی افتتاحی تقریب بھا گئی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری کیے گئے پیغام میں خوشدل شاہ نے قطر کی حکومت اور امیر قطر شیخ تمیم بن حامد کو شاندار افتتاحی تقریب پر مبارک باد دی۔ خوشدل شاہ نے کہا کہ ماشاالله تقریب میں ہماری اسلامی تاریخ کا یادگار لمحہ دیکھا گیا، دنیا کے سب سے بڑے ایونٹ میں قرآن پاک کی تلاوت ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ زندگی میں بہت افتتاحی تقریبات دیکھی ہیں لیکن جس شاندار انداز میں فیفا ورلڈ کپ کا آغاز ہوا اس کی مثال نہیں ملتی۔ قومی ٹیم کے کھلاڑی نے سوشل میڈیا پر فیفا ورلڈ کپ کی افتتاحی تقریب کا ایک ویڈیو کلپ بھی شیئر کیا ہے۔ واضح رہے کہ فیفا ورلڈ کپ کی تاریخ میں قطر میزبانی کرنے والا دنیا کا سب سے چھوٹا ملک ہے۔

فٹبال ورلڈ کپ میں ایرانی گول کیپر اپنے ہی ساتھی سے ٹکرا کر ہیڈ انجری کا شکار

دوحہ (این این آئی) فٹبال ورلڈ کپ میں ایرانی گول کیپر علی رضا اپنے ہی ساتھی سے ٹکرا کر ہیڈ انجری کا شکار ہوگئے۔ انگلینڈ کیخلاف میچ کے 20 ویں منٹ میں ہیری کین کے کراس پر گول بچانے کی کوشش میں علی رضا کی ساتھی کھلاڑی ماجد حسینی سے ٹکر ہوئی، ناک سے خون جاری ہونے کے باوجود حیران کن طور پر انہیں واپس نہیں بلایا گیا، تھوڑی دیر بعد ہی وہ میدان میں گرے تو اسٹریچر پر میدان سے باہر لے جایا گیا۔ بطور متبادل حسین حسینی کو میدان میں اتارا گیا، انجریز کو چیک کرنے میں وقت ضائع ہونے پر پہلے ہاف کا کھیل مکمل کرنے کیلئے 14 منٹ اضافی دینا پڑے۔

انگلش ٹیم نے دورہ پاکستان کیلئے ایک شیف کو بھی اسکواڈ کا حصہ بنالیا

لندن (این این آئی) انگلش ٹیم نے دورہ پاکستان کیخلاف تین میچوں پر مشتمل ٹیسٹ سیریز کے لیے اسکواڈ میں ایک شیف کو بھی شامل کرلیا۔ کرک انفو کی رپورٹ کے مطابق ٹی ٹونٹی ورلڈ کپ سے قبل انگلش ٹیم نے سات ٹی ٹوئنٹی میچز کیلئے پاکستان کا دورہ کیا تھا، جس میں کھلاڑیوں اور سپورٹ اسٹاف نے کھانے سے متعلق رائے دی تھی کہ زیادہ اچھا نہیں تھا جبکہ بعض کھلاڑیوں کو پیٹ کی خرابی کا سامنا بھی کرنا پڑا تھا۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ عمر میزان انگلینڈ ٹیم کے شیف ہوں گے، انہوں نے 2018ء کے فیفا ورلڈ کپ اور یورو 2020ء کے دوران انگلینڈ کی مینز ٹیم کے ساتھ کام کیا تھا۔

ویسٹ انڈیز کرکٹ ٹیم کے کپتان کپتانی سے دستبردار

میں نے کپتانی کے حوالے سے بہت کچھ کرنے کی کوشش کی، گفتگو

لاہور (این این آئی) ویسٹ انڈیز کرکٹ ٹیم کے کپتان نکولس پورن ویسٹ انڈیز ون ڈے اور ٹی ٹونٹی ٹیم کی کپتانی سے دستبردار ہو گئے۔ کرکٹ ویسٹ انڈیز کا کہنا ہے کہ نکولس پورن آئی سی سی ٹی ٹونٹی ورلڈ کپ کے بعد کپتانی سے الگ ہوئے ہیں۔ نکولس پورن کا کہنا ہے کہ ٹی ٹونٹی ورلڈ کپ میں کارکردگی مایوس کن رہی، میں نے کپتانی کے حوالے سے بہت کچھ کرنے کی کوشش کی۔ انہوں نے کہا کہ میں کارکردگی کا جائزہ لینے والے عمل کے لیے حاضر ہوں، میں کرکٹ ویسٹ انڈیز کو مارچ میں جنوبی افریقہ کے خلاف اور اس کے بعد تیاری کے لیے وقت دینا چاہتا ہوں۔ ڈائریکٹر آف کرکٹ ویسٹ انڈیز جمی ایڈمز کا کہنا ہے کہ نکولس پورن کا ون ڈے اور ٹی ٹونٹی کی قیادت کے لیے وقت دینے پر شکریہ ادا کرتا ہوں۔ جمی ایڈمز نے کہا کہ میری نکولس پورن سے بات ہوئی ہے، وہ مستقبل میں ویسٹ انڈیز کرکٹ کے ساتھ کام کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔

بقیہ 1

کسی کو بھی الیکشن کمیشن کیخلاف توہین کی اجازت نہیں اور کوئی بھی شخص آئین سے بالاتر نہیں ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق الیکشن کمیشن میں این اے 45 کرم میں عمران خان اور اقبال وزیر کے ضابطہ اخلاق سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی، اسپیشل سیکریٹری نے کہا کہ سرکاری گاڑیاں استعمال ہوئیں، عمران خان پہلے بھی خلاف ورزیاں کر چکے ہیں۔ ممبر کمیشن کا کہنا تھا کہ باقی صوبوں میں تو ہیلی کاپٹر بھی استعمال نہیں ہوا۔ اسپیشل سیکریٹری نے استدعا کی کہ ہماری گزارش ہے کہ اقبال وزیر کیخلاف سخت کارروائی کی جائے۔ ڈی جی لاء کا کہنا تھا کہ اقبال وزیر پارٹی کا اہم حصہ ہے، اس کا اثر امیدوار پر پڑتا ہے۔ چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ اگر کسی نے خلاف ورزی کی ہے تو اس کا اثر امیدوار پر پڑتا ہے۔ بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ الیکشن کمیشن کو دل بڑا کرنا چاہیے، چیف الیکشن کمشنر نے ریمارکس دیئے کہ ہم تو دل بڑا کرتے ہیں لیکن دوسری طرف سے بڑے دل کا مظاہرہ کرنا چاہیے، یہ جو آپ تاثر دینے کی کوشش کررہے ہیں کہ صرف خیبرپختونخوا میں نوٹسز ہوئے ہیں، ایسا نہیں ہے۔ الیکشن کمیشن نے اس حوالے سے سخت اقدامات کئے ہیں، سب کو نوٹسز دیئے گئے ہیں۔ چیف الیکشن کمشنر نے استفسار کیا یہ بتائیں ضابطہ اخلاق ہونا چاہیے کہ نہیں؟ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ضابطہ اخلاق ہونا چاہیے لیکن ہم نے تو خلاف ورزی نہیں کی۔ بعدازاں الیکشن کمیشن نے این اے 45 کرم میں عمران خان اور اقبال وزیر کے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی سے متعلق کیس کا فیصلہ محفوظ کرلیا۔

بقیہ 2

ضمانتی وزیراعظم پورے نظام کا منہ چڑا رہا ہے۔ فواد چوہدری نے ٹویٹر پر کہا کہ اس جرم میں شریک لوگ پاکستان کا سب سے طاقتور مافیا ہیں، اس مافیا کی شکست سے ہی پاکستان کا مستقبل ہے۔ قبل ازیں فواد چوہدری نے کہا کہ برطانیہ میں ن لیگ کے ترجمان تسنیم چوہدری کے سنسنی خیز بیان کے فوراً بعد نواز شریف کا برطانیہ چھوڑ کر جانا انتہائی تشویشناک ہے۔ نواز شریف کو اپنے ساتھی کی طرف سے قتل اور اقدام قتل کے الزامات کی تصدیق کیلئے خود کو پیش کرنا ہوگا۔ تسنیم حیدر نواز شریف کے بہت قریبی ہیں انکی جانب سے لگائے گئے الزامات سنگین ہیں، تسنیم حیدر کیالزامات پر انہیں شامل تفتیش کرنا چاہیے۔ لندن میں اس قسم کے الزامات بہت سوچ سمجھ کر لگائے جاتے ہیں، ہمارا مطالبہ ہے کہ تسنیم حیدر کیالزامات کی تحقیقات کرکے سچ قوم کیسامنے لایا جائے۔ یاد رہے کہ مسلم لیگ ن کے قائد اور سابق وزیراعظم نواز شریف اور خاندان کے افراد لندن سے یورپی ممالک کی سیر کیلئے گئے ہیں۔ نواز شریف اور خاندان کے افراد 10 روز میں پانچ یورپی یونین کے ممالک کا سیر وتفریح کریں گے۔ قائد ن لیگ اور سابق وزیر اعظم نواز شریف کی فیملی ایک یورپی ملک پہنچی۔ نواز شریف، حسین نواز، مریم نواز، جنید صفدر اور اہلیہ عائشہ جنید لندن سے یورپی ممالک کیلئے روانہ ہوئے۔ اگلے دس دنوں میں نواز شریف اور ان کی فیملی یورپی یونین کے پانچ مختلف ممالک کا دورہ کرے گی۔ جبکہ سابق وزیراعظم نواز شریف کے ڈاکٹرز نے انہیں وطن واپسی سے قبل علاج کی غرض سے امریکا جانے کا مشورہ دے رکھا ہے، نواز شریف نے پارٹی رہنماؤں کو شیڈول سے آگاہ کردیا۔

بقیہ 3

وزیراعظم آفس کی جانب سے بدھ کے روز ٹوئٹر پر جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف ان تعیناتیوں سے متعلق فیصلہ پہلے سے طے شدہ طریقہ کار کے مطابق کریں گے۔ جبکہ وفاقی وزیر برائے اطلاعات و نشریات مریم اورنگزیب نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ وزارت دفاع کی طرف سے بھجوائی گئی سمری وزیراعظم آفس کو موصول ہوگئی ہے۔ سمری میں چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی اور چیف آف آرمی اسٹاف کے عہدوں پر تقرری کے لئے ناموں کا پینل بھجوایا گیا ہے۔ مریم اورنگزیب کا یہ بھی کہنا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف متعین طریقہ کار کے مطابق ان تعیناتیوں سے متعلق فیصلہ کریں گے۔

بقیہ 4

ڈاکوؤں نے صابر حسین اور اس کے دوست رمضان سے موبائل چھیننے کی واردات کے دوران مزاحمت پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں رمضان گردن میں گولی لگنے کے باعث شدید زخمی ہو گیا، چوہنگ میں نامعلوم چور نبیل رزاق کے گھر کے تالے توڑ کر 13 لاکھ 25 ہزار، پرائز بانڈ، طلائی زیورات، لیپ ٹاپ اور الیکٹرانکس کا سامان لے گئے، وحدت کالونی میں ڈاکو اویس اور فیملی سے 3 سونے کی انگوٹھیاں، 7 ہزار نقدی اور موبائل فون، گجر پورہ کے علاقے میں ڈاکو اے ٹی ایم سے پیسے لے کر نکلنے والے امبشر علی سے گن پوائنٹ 1 لاکھ 28 ہزار روپے اور موبائل فون، اقبال ٹاؤن کے علاقے میں ڈاکو اے ٹی ایم سے پیسے لے کر نکلنے والے عادل سرفراز سے 5 ہزار روپے اور موبائل فون، قلعہ گجر سنگھ میں ڈاکو اسامہ سے 30 ہزار روپے اور موبائل فون، شالیمار میں وذیشان سے آئی ڈی کارڈ اے ٹی ایم کا موبائل فون اور نقدی، اسلام پورہ میں فیضان سے 16 ہزار اور موبائل فون، لوئر مال میں آئمہ بی بی سے 20 ہزار روپے مالیت کا موبائل فون، گجر پور میں وابراہیم سے 50 ہزار روپے موبائل فون، باغبانپورہ میں محمد عبداللہ سے 20 ہزار روپے دوسری واردات میں اویس سے 20 ہزار روپے اور موبائل، شفیق آباد کے علاقے میں ڈاکو زاہد سے 9 ہزار روپے اور موبائل فون، مصری شاہ کے علاقے میں ڈاکو اکرم سے 30 ہزار روپیہ اور موبائل فون، ہنجر وال میں ڈاکو عمر سے 25 ہزار کے موبائل فون، ہربنس پورہ کے علاقے میں ڈاکو امروز سے 40 ہزار روپے اور موبائل فون، رنگ محل میں ڈاکو انور سے 30 ہزار روپے اور موبائل فون، کوٹ لکھپت کے علاقے میں ڈاکو نور خان سے 1 لاکھ روپے اور دو موبائل فون، جنوبی چھاؤنی میں ڈاکو بلال سے 45 ہزار روپے اور موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے

بقیہ 5

گن مین کی فائرنگ سے ایک مبینہ ڈاکو ہلاک جبکہ دوسرا زخمی ہوا جو علاج کے دوران دم توڑ گیا۔ فائرنگ کا واقعہ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ کے آفس کے قریب پیش آیا، سالڈ ویسٹ کے دفتر میں غیر ملکی کام کر رہے تھے۔ ایس ایس پی کورنگی ساجد سدوزئی کا کہنا ہے کہ دو ڈاکو موقعے سے فرار بھی ہوئے ہیں، ہلاک ڈاکوؤں کا کرمنل ریکارڈ بھی چیک کیا جارہا ہے، جبکہ فرار ڈاکوؤں کی گرفتاری کے لئے کارروائی کی جارہی ہے۔

بقیہ 6

گا۔ وزیردفاع خواجہ آصف نے کہا کہ سمری پر 4 ناموں والی سمری پر اعتراض والی بات قطعاً غلط ہے، سینئر ترین افسر آرمی چیف ہوں گے یا نہیں، اس کا علم نہیں، امید ہے وزیراعظم کی ترکیہ روانگی سے قبل فائنل ہو جائے گا، ایسی تقرری کو عوامی مباحثے کا حصہ نہیں بننا چاہیے۔ اسی طرح وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب اور وزیر اعظم آفس نے تصدیق کی ہے کہ وزارت دفاع کی طرف سے بھجوائی گئی سمری وزیراعظم آفس کو موصول ہوگئی ہے۔ اپنے بیان میں مریم اورنگزیب نے کہا کہ وزارت دفاع کی طرف سے بھجوائی گئی سمری وزیراعظم آفس کو موصول ہوگئی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ سمری میں چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی اور چیف آف آرمی اسٹاف کے عہدوں پر تقرری کے لئے ناموں کا پینل بھجوایا گیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف متعین طریقہ کار کے مطابق ان تعیناتیوں سے متعلق فیصلہ کریں گے۔ وزیراعظم آفس کے مطابق وزارت دفاع سے سمری موصول ہوگئی ہے۔ وزیراعظم آفس کے مطابق آرمی چیف اور چیرمین جوائنٹ چیف آف سٹاف کمیٹی کی تعیناتی کیلئے ناموں کا پینل موصول ہوا اور وزیراعظم تعیناتیوں پر فیصلہ طریقہ کار کے تحت کرینگے۔ وزیراعظم آفس کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف متعین طریقہ کار کے تحت تعیناتیوں سے متعلق فیصلہ کرینگے۔

بقیہ 7

جے آئی ٹی کے سربراہ غلام محمود ڈوگر سمیت چار افسران سی ٹی ڈی ہیڈ کوارٹرز گئے۔ آر پی او ڈی جی خان سید خرم علی شاہ ڈی جی خان میں ہونے کے باعث ٹیم کے ساتھ نہ جا سکے۔ جے آئی ٹی کے ممبر احسان اللہ چوہان ڈینگی بخار میں مبتلا ہونے کے باعث ٹیم کو تاحال جوائن نہ کر سکے۔ ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے مزید بتایا گیا کہ جے آئی ٹی نے ملزم نوید، وقاص اور ساجد سے مختلف سوالات پوچھے، تحقیقات میں خاطر خواہ کامیابی نہ مل سکی۔ وزیر آباد میں وقوعہ کے وقت پانچ سو پولیس اہلکار تعینات تھے۔ آئی جی پنجاب کی فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی کنٹینر کے قریب 82 افسران و اہلکاروں کے بیانات قلمبند کر چکی ہے۔ ایلیٹ فورس، پنجاب کانسٹیبلری اور مختلف اضلاع کے پولیس افسران و اہلکاروں کے بیانات قلمبند کئے گئے۔ جے آئی ٹی جلد ہی اپنی رپورٹ مرتب کرکے حکومت کو بھجوائے گی۔ واضح رہے کہ اس سے قبل وزیر آباد واقعہ کے مرکزی ملزم نوید نے جے آئی ٹی کو بیان دیتے ہوئے کہا کہ عمران خان لوگوں کو گمراہ کررہے تھے، اکیلے ہی حملے کی منصوبہ بندی کی۔ فائرنگ کے بعد کنٹینر سے دائیں گلی میں فرار ہونا تھا لیکن پکڑا گیا۔ ملزم نے مزید کہا کہ میرا کسی سیاسی یا دینی جماعت سے تعلق نہیں اور مجھے کسی نے حملہ کرنے کو نہیں کہا تھا۔ 2 گھنٹے تک انتظار کرتا رہا، کنٹینر کے آگے پولیس نہ ہونے پر سامنے آ کر فائرنگ کی۔ ملزم نوید اس وقت جسمانی ریمانڈ پر پولیس کی تحویل میں ہے۔

بقیہ 8

وفاقی وزیر شیخ رشید نے کہا کہ نیا آرمی چیف تباہ حال معیشت کو سہارا دینے کی کوشش کرے گا۔ شیخ رشید احمد نے کہا کہ نواز شریف نے جس کو بھی تعینات کیا اسی کے ساتھ جوڑو کراٹے کیے۔

بقیہ 9

ذرائع ناپید اور اخراجات میں روز بروز اضافہ ہوتا چلا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ وفاقی وصوبائی حکومتوں کے پاس عوام کو ریلیف فراہم کرنے کا کوئی ٹھوس منصوبہ نہیں۔ حکمرانوں کی جانب سے ڈنگ ٹپاؤ اقدامات سے مدت پوری کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ عوام کو حقیقی معنوں میں ریلیف فراہم کرنے کے لیے واضح لائحہ عمل مرتب کیا جائے۔ پی ٹی آئی اور پی ڈی ایم دونوں نے ملک کو دیوالیہ پن کے قریب پہنچادیا ہے۔ معیشت کو مضبوط کرنے کے لئے میثاق معیشت کرنا ہوگا۔ محمد جاوید قصوری نے اس حوالے سے مزید کہا کہ وسائل سے مالامال پاکستان حکمرانوں کے ناعاقبت اندیش فیصلوں، کاغذی اقدامات اور دکھاوے کے طرز عمل سے مسائلستان کا منظر پیش کررہا ہے۔ حالات کا تقاضا ہے کہ ملک میں سیاسی استحکام آئے اور عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے۔

بقیہ 10

, Grazyna Baranowska, Luciano Hazan, Angkhana Neelapaijit، جبری گمشدگیوں کے بارے میں ورکنگ گروپ، انسانی حقوق کے کارکنوں کی صورت حال کے بارے میں خصوصی نمائندہ میری لالر، دہشت گردی کا مقابلہ کرتے ہوئے انسانی حقوق کے فروغ اور تحفظ کے خصوصی نمائندیin (Aol،Fionnuala N اور ماورائے عدالت قتل کے بارے میں خصوصی نمائندیBinz-Morris Tidball نے خرم پرویز کی غیر قانونی نظر بندی کو ایک سال مکمل ہونے پر ان کی فوری اور غیر مشروط رہائی کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ خرم پرویز کو آزادی سے مسلسل محروم رکھنے پر مایوس ہیں کیونکہ انسانی حقوق کے کارکن کو جبری گمشدگیوں اور ماورائے عدالت قتل سمیت انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کو اجاگر کرنے اور ان کو دستاویزی شکل دینے پر انتقامی کارروائی کا نشانہ بنایا جارہا ہے۔ خرم پرویز کو 22 نومبر 2021 کو دہشت گردی اور دیگر الزامات لگا کر گرفتار کیا گیا تھا۔ انہیں 30 نومبر اور 4 دسمبر 2021 کو دہلی کی ایک عدالت میں پیش کیا گیا جس نے انہیں بھارتی تحقیقاتی ادارے این آئی اے سے عدالتی ریمانڈ پر جیل بھیج دیا۔ نئی دہلی میں این آئی اے کی خصوصی عدالت نے غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے کالے قانون یو اے پی اے کے تحت ان کی نظر بندی میں پانچ بار توسیع کی ہے۔ ماہرین نے کہا کہ ہم بھارتی حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ خرم پرویز سمیت انسانی حقوق کے کارکنوں اور سول سوسائٹی کی تنظیموں کو انتقامی کارروائیوں کا نشانہ بنانا اور انہیں دھمکیاں دینا بند کرے جو انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے بارے میں معلومات اور ثبوت اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے اداروں کو فراہم کرتے ہیں۔ خرم پرویز اس وقت نئی دہلی کی روہنی جیل میں نظر بند ہیں۔ جرم ثابت ہونے پر انہیں 14 سال قید یا سزائے موت بھی ہوسکتی ہے۔ ان کے کیس کی اگلی سماعت کل 24 نومبر 2022 کو ہونے والی ہے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ ورلڈ آرگنائزیشن اگینسٹ ٹارچر اور ایشین فیڈریشن اگینسٹ انوالنٹیر ی ڈس اپیرنسز سمیت انسانی حقوق کی چار تنظیموں نے جبری نظر بندیوں کے بارے میں اقوام متحدہ کے ورکنگ گروپ کو شکایت جمع کرائی ہے کہ وہ خرم پرویز کی نظر بندی کے خلاف حکم جاری کرے اور بھارتی جیل سے انکی فوری رہائی کا مطالبہ کرے۔ شکایت میں انسانی حقوق کی تنظیموں نے خدشہ ظاہر کیا کہ خرم پرویز کو انسانی حقوق کی جائز اور پرامن سرگرمیوں پر انتقامی کارروائی میں عمر قید یا سزائے موت سنائی جاسکتی ہے۔ ورلڈ آرگنائزیشن اگینسٹ ٹارچر کے سیکرٹری جنرل Gerald Staberock نے کہا کہ خرم پرویز کی نظر بندی ایک جبری نظر بندی ہے جس میں تمام قانونی معیارات کی واضح خلاف ورزی کی گئی ہے جس کی بھارتی ریاست پابند ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک سال سے زائد عرصے سے ملکی عدالتیں قانون کی حکمرانی برقرار رکھنے اور بین الاقوامی قانون کی پاسداری کرنے میں ناکام رہی ہیں۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل اور ہیومن رائٹس واچ سمیت انسانی حقوق کی متعدد عالمی تنظیموں نے مشترکہ طور پر خرم پرویز کی فوری اور غیر مشروط رہائی کا مطالبہ کیا ہے۔ اس سلسلے میں انسانی حقوق کی 12 تنظیموں کے دستخط شدہ ایک بیان میں جو لندن میں قائم ایمنسٹی انٹرنیشنل کی ویب سائٹ پر موجود ہے، بھارت پر زور دیا گیا ہے کہ وہ انسانی حقوق کے کارکنوں کے کام کو جرم قرار دینا بند کرے۔ بیان میں کہا گیا کہ بھارتی حکام کو اس کے بجائے انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے لیے استثنیٰ ختم کرنا چاہیے جن کو انسانی حقوق کے کارکنوں نے خاص طور پر جموں و کشمیر میں بڑی بہادری سے بے نقاب کیا ہے۔ بیان میں افسوس کا اظہار کیا گیا کہ بھارتی حکام نے پرامن احتجاج کو روکنے اور معلومات تک رسائی کو محدود کرنے کے لیے میڈیا کی آزادی پر بھی قدغن لگا دی ہے اور انٹرنیٹ کو معطل کردیا ہے۔ انسانی حقوق کی تنظیموں نے کہا کہ اس کے شدید اثرات مرتب ہوئے ہیں جس سے جموں و کشمیر میں جسے اگست 2019 میں بھارت کی طرف سے خصوصی حیثیت کی منسوخی کے بعد سے پہلے ہی اختلاف رائے کی بنیاد پر بڑھتی ہوئی پابندیوں کا سامنا ہے، شہری آزادیاں مزید متاثر ہورہی ہیں۔

بقیہ 11

خلاف کامیاب آپریشن کرتے ہوئے ملزم محمد اعظم ولد محمد شریف سے 01 رائفل 12 بور اور 11 کارتوس برآمد کرکے ملزم ک خلاف مقدمہ درج کر دیا اسی طرح پٹرولنگ پوسٹ بچیکی فیصل آباد کے ہیڈ کانسٹیبل یاسر حنیف نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کامیاب کاروائی کرتے ہوئے ملزم شہزاد ولد سلطان سے 01 پسٹل 30 بور اور گولیاں برآمد کرکے ملزم کے خلاف تھانہ صدر سٹی جڑانوالہ میں مقدمہ درج کر دیا ہے۔ دوسری طرف پٹرولنگ پوسٹ اصغر آباد کے مقصود شاہد ASI نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کامیاب کاروائی کرتے ہوئے ملزم محمد حنیف ولد محمد اعظم سے 01 پسٹل 30 بور گولیاں برآمد کرکے تھانہ بلوچنی میں مقدمہ درج کر دیا ہے جبکہ پٹرولنگ پوسٹ کماپور کے محمد ندیم ASI نے ملزم زین ولد جاوید سے دوران چیکنگ 01 موٹر سائیکل چوری شدہ برآمد کرکے تھانہ سرگودھا روڈ میں مقدمہ درج کر دیا ہے جبکہ پٹرولنگ پوسٹ پل پڑوپیاں اور کھائی بنگلہ کی ٹیم نے منشیات کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے ملزم سے 19 لیٹر شراب برآمد کرکے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر دیا ہے۔ ڈی ایس پی پٹرولنگ ملک محمد امین کی جانب سے پٹرولنگ ٹیمز کو سراہتے جرائم پیشہ افراد کے خلاف کاروائیاں مزید تیز کرنے کی ہدایت کی گئی۔

بقیہ 12

اور نعیم کو گرفتار کرکے ملزمان کے قبضے سے داؤ پر لگی رقم 24 ہزار 230 روپے، 7 موبائل فونز اور تاش برآمد کرلی ہے، پیرودھائی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے خود کو حساس ادارے کا افسر ظاہر کرنے والے ملزم فاضل کو گرفتار کرکے ملزم کے قبضے سے حساس ادارے کے جعلی کارڈ برآمد کرلیا ہے۔ گوجر خان پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے پتنگ فروش نعمان جاوید کو گرفتار کر ملزم کے قبضے سے 100 پتنگیں اور 02 ڈوریں برآمد کرکے مقدمہ درج کرلیا۔ رتہ امرال پولیس نے ملزم عبدالوہاب سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، صادق آباد پولیس نے ملزم گلزار علی سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم اکرام سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ویسٹریج پولیس نے ملزم ناصر اقبال سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، واہ کینٹ پولیس نے ملزم ارسلان سے 1 پستول 09 ایم ایم معہ ایمونیشن، گوجر خان پولیس نے ملزم طالب حسین سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلئے گئے۔

بقیہ 13

موقف اپنایا گیا ہے کہ الیکشن کمیشن عدالت نہیں، کسی کو نااہل کرنے کا اختیار نہیں۔ عدالت توشہ خانہ ریفرنس میں عمران خان کی نااہلی کا فیصلہ کالعدم قرار دے۔ این اے 95 کے ووٹر نے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر رکھی ہے۔ الیکشن کمیشن نے توشہ خانہ ریفرنس میں عمران خان کو نااہل قرار دے دیا تھا۔ عمران خان کو 63 پی کے تحت نااہل قرار دیا گیا۔ الیکشن کمیشن کے مطابق عمران خان کی نااہلی 5 رکنی کمیشن کا متفقہ فیصلہ ہے۔ الیکشن کمیشن کے فیصلے کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے غلط گوشوارے جمع کروائے۔ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان رکن قومی اسمبلی نہیں رہے۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے عمران خان کی قومی اسمبلی کی سیٹ خالی قرار دیا گیا، الیکشن کمیشن نے عمران خان کے خلاف فوجداری مقدمہ درج کرنے کا حکم دے دیا۔ الیکشن کمیشن نے 19 ستمبر کو دلائل مکمل ہونے کے بعد عمران خان کیخلاف توشہ خانہ کیس کا فیصلہ محفوظ کیا تھا۔ عمران خان متعدد بار جلسوں اور پارٹی تقاریب میں خطاب کرتے ہوئے یہ بات دہرا چکے ہیں کہ پی ڈی ایم اور موجودہ حکومت انہیں توشہ خانہ کیس میں الیکشن کمیشن کے ذریعے تاحیات نااہل کروانا چاہتی ہے۔ عمران خان متعدد بار یہ بھی مطالبہ کر چکے ہیں کہ آصف زرداری اور نواز شریف کے خلاف بھی توشہ خانہ کیس ساتھ سنا جائے اور اس کا فیصلہ بھی ساتھ ہی جاری کیا جائے۔ عمران خان پر الزام ہے کہ انہوں نے توشہ خانہ سے قیمتی تحائف سستے داموں حاصل کر کے انہیں الیکشن کمیشن سے چھپایا، جس کی بنیاد پر اسپیکر نے ان سمیت پانچ اراکین کیخلاف الیکشن کمیشن میں ریفرنس دائر کیا تھا۔ الیکشن کمیشن نے سابق وزیراعظم عمران خان کے خلاف دائر توشہ خانہ ریفرنس پر فیصلہ 19 ستمبر کو محفوظ کیا تھا۔ سابق وزیراعظم عمران خان کی نااہلی کے لیے دائر کیا جانے والا توشہ خانہ ریفرنس حکمراں اتحاد کے 5 ارکان قومی اسمبلی کی درخواست پر اسپیکر قومی اسمبلی نے الیکشن کمیشن کو بھجوایا تھا۔ ریفرنس میں الزام عائد کیا گیا تھا کہ عمران خان نے توشہ خانہ سے حاصل ہونے والے تحائف فروخت کرکے جو آمدن حاصل کی اسے اثاثوں میں ظاہر نہیں کیا۔ آئین کے آرٹیکل 63 کے تحت دائر کیے جانے والے ریفرنس میں آرٹیکل 62 ون ایف کے تحت عمران خان کی نااہلی کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ کیس کی سماعت کے دوران عمران خان کے وکیل بیرسٹر علی ظفر نے مؤقف اپنایا تھا کہ 62 (ون) (ایف) کے تحت نااہلی صرف عدلیہ کا اختیار ہے اور سپریم کورٹ کے مطابق الیکشن کمیشن کوئی عدالت نہیں۔

بقیہ 14

ٹرسٹ کے حوالے کیا جارہا ہے، ٹرسٹ داؤد بوہرا کمیونٹی کے تحت بلا امتیاز تعلیمی خدمات انجام دے رہا ہے۔ عثمان فاروق ایڈووکیٹ کا اپنے دلائل میں کہنا تھا کہ کالج کو خلاف قانون ٹرسٹ کے حوالے کیا جارہا ہے، غیر واضح معاہدے سے طلبا کا مستقبل داؤ پر لگ گیا ہے۔ وکیل عثمان فاروق نے کہا کہ طلباء کی فیس چند سو روپے سے بڑھا کر 47000 روپے کردیئے گئے ہیں، ضلع کے واحد ٹیکنیکل کالج میں سینکڑوں طلباء انجینئرنگ کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ وکیل عثمان فاروق نے عدالت سے استدعا کی کہ کالج کا انتظام ٹرسٹ سے واپس لیا جائے، مستند تعلیمی ادارے کو کسی ٹرسٹ کے حوالے کرنے کا کوئی جواز نہیں۔

بقیہ 15

ڈسمبر5 ح پور دیہاڑی راجہ رضوان عابد نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انھوں نے کہا کہ اپنی وارڈ میں میری پوزیشن مضبوط ہے عوام کی طرف سے پورا اعتماد حاصل ہے عوام میری طاقت ہیں یہ نوجوانو کا الیکشن ہے نوجوانوں کا عوامی خدمت کے لیے کردار انتہائی اہم ہے عوامی خدمت میرا جذبہ ہے اللہ تعالیٰ اور عوام نے موقع دیا تو کبھی مایوس نہیں کروں گا اپنی وارڈ کے مسائل سے آگاہ ہوں انشاء اللہ تمام مسائل کو حل کریں گے۔

بقیہ 16

جاری کر دیا، درخواستوں کی سکروٹنی 26 نومبر تک مکمل ہوگی، امتحانات 2 مراحل میں ہونگے، پہلے مرحلے میں قد اور چھاتی کے ٹیسٹ 30 نومبر سے 9 دسمبر تک ہونگے، قوت برداشت کے ٹیسٹ 10 دسمبر سے 16 دسمبر، ڈرائیونگ ٹیسٹ 17 دسمبر سے 21 دسمبر تک ہونگے، ریویو بوڈز میں درخواستوں کی شنوائی 22 دسمبر سے 28 دسمبر تک سنی جائیں گی، رزلٹ کا اعلان 5 جنوری سے 9 جنوری تک کیا جائے گا، کامیاب امیدواروں کے انٹرویوز 10 جنوری سے 24 جنوری تک ہونگے اس کے بعد میرٹ لسٹ 25 جنوری کو جاری کی جائے گی، دوسرے مرحلے میں قد اور چھاتی ٹیسٹ 2 فروری 2023 سے 11 فروری 2023 تک، قوت برداشت کا ٹیسٹ 12 فروری سے 18 فروری تک ہونگے، ریویو بورڈز میں درخواستوں کی شنوائی 24 فروری 2023 سے 2 مارچ 2023 تک ہوگی، تحریری امتحان، ان کی تیاری انتظامات اور امیدواروں کو اطلاع 4 مارچ سے 10 مارچ تک دی جائے گی، تحریری امتحانات کی چیکنگ اور رزلٹ کی تیاری 11 مارچ سے 15 مارچ تک ہوگی، جس کے بعد امیدواروں کے انٹرویوز 16 مارچ سے 30 مارچ تک ہونگے اور کامیاب امیدواروں کی حتمی لسٹ 31 مارچ کو جاری کی جائے گی۔

بقیہ 17

کے مطابق نواحی قصبہ حویلی لکھا کے رہائشی نثار اللہ ولد عطاء اللہ کے گھر سے نامعلوم چور لاکھوں روپے مالیت کے 4 تولے طلائی زیورات، چاندی، نقدی، ایل ای ڈی اور دیگر سامان چرا کر لے گئے۔ دوسری واردات میں کرسچن کالونی اوکاڑہ کے رہائشی فراد مسیح ولد اکرام مسیح نے اپنی موٹر سائیکل ڈسٹرکٹ ہسپتال اوکاڑہ کے باہر کھڑی کی جسے نامعلوم چور چرا کر لے گئے۔ تیسری واردات میں ڈی بلاک اوکاڑہ کے رہائشی محمد سلیمان نے اپنی موٹر سائیکل گھر کے باہر کھڑی کی جسے نامعلوم چور چرا کر لے گئے۔ چوتھی واردات میں کرسچن کالونی اوکاڑہ کے رہائشی شمعون نے اپنی موٹر سائیکل ایف بلاک میں کھڑی کی جسے نامعلوم چور چرا کر لے گئے۔ پانچویں واردات میں فیصل محمود کالونی اوکاڑہ کے رہائشی شاہد اسلم نے اپنی موٹر سائیکل گھر کے باہر کھڑی کی جسے نامعلوم چور چرا کر لے گئے۔ چھٹی واردات میں نواحی قصبہ حویلی لکھا کے رہائشی ریاض احمد شاھین نے اپنی موٹر سائیکل گھر کے باہر کھڑی کی جسے نامعلوم چور چرا کر لے گئے۔ پولیس نے مقدمات درج کرلئے ہیں۔

بقیہ 18

نے یہ بیان مونس الٰہی کے حال ہی میں اردو پوائنٹ کو دیئے گئے انٹرویو کے بعد دیا۔ مونس الٰہی نے اردو پوائنٹ کو تفصیلی انٹرویو دیتے ہوئے کہا تھا کہ میری سب سے بڑی خواہش یہ ہے چوہدری شجاعت حسین اور چوہدری پرویز الٰہی سمیت ہم سب ایک پیج پر ہوں اور سارے اکٹھے ہو کر عمران خان کی سپورٹ کریں۔ میرا اور حسین الٰہی کا شروع دن سے ہی خیال تھا کہ ہمیں عمران خان کے ساتھ کھڑے ہونا چاہیے اور ہم نے اپنے بڑوں کو قائل کیا۔ ایک سوال پر مونس الٰہی کا کہنا تھا کہ سیاست میں نے چوہدری شجاعت حسین سے سیکھی ہے، جب میں بیرون ملک سے پڑھ کر آیا تھا تو پرویز الٰہی کی نسبت چوہدری شجاعت حسین مجھے زیادہ پرموٹ کرتے تھے۔ ہمیشہ وہ مجھے آگے لیکر آتے تھے، سابق صدر پرویز مشرف اور آصف زرداری سے ماضی میں ہونے والی ملاقاتوں میں چوہدری شجاعت مجھے بھی لیکر جاتے تھے۔ مونس الٰہی نے کہا کہ میں اور چوہدری شجاعت حسین ایک پیج پر ہوتے تھے اور پرویز الٰہی کی سوچ ذرا مختلف ہوتی تھی۔ سابق وفاقی وزیر نے سیاسی استاد سے وزیراعلیٰ پنجاب کے انتخاب پر اختلاف کے سوال پر کہا کہ چوہدری شجاعت کی یہ رائے نہیں تھی، میرے لئے سیاست میں سب سے بڑا دن وہ تھا جب میں چوہدری شجاعت کو لینے گیا کیونکہ مجھے لگتا تھا کہ وہ مجھے مایوس نہیں کریں گے۔ چوہدری شجاعت نے میری تربیت ہی یہ کی تھی کہ جذبات کو ایک طرف رکھ کر پہلے منطق کو دیکھو۔ وزیراعلیٰ کے انتخاب کے دن جب میں ان کو لینے گیا تھا اس دن منطق کوئی نہیں تھی، صرف ان کے جذبات تھے، میں سمجھ گیا تھا کہ وہ مجبور ہیں۔ شریف برادران کا ساتھ دینے کے معاملے پر ماموں نے اپنا سافٹ ویئر اپ ڈیٹ کرلیا تھا لیکن میرا سافٹ ویئر پرانا تھا۔

بقیہ 19

ٹوئٹر پر بتایا کہ بطور سوشل میڈیا ٹیم لیڈر کے آج کا دن ان کے لیے خوشی سے بھرپور ہے۔ جبران الیاس کے مطابق وہ اپنی سوشل میڈیا ٹیم میں تقریباً 100 نئے ممبران کو شامل کررہے ہیں۔ انہوں نے ٹوئیٹس میں پی ٹی آئی سوشل میڈیا ٹیم میں شامل ویڈیو ایڈیٹنگ ٹیم، پی ٹی آئی سینٹرل، پنجاب اور اسلام آباد ٹوئٹر ٹیم میں نئے ارکان اور انہیں شامل کرنے والوں کے نام اور ہینڈلز بھی شیئر کیے۔ جبران الیاس نے دلچسپی رکھنے والوں کے لیے پیغام دیا کہ اگر وہ پی ٹی آئی سوشل میڈیا ٹیم میں شمولیت میں دلچسپی رکھتے ہیں تو براہ کرم ان لیڈرز سے رابطہ کریں۔ پاکستان کے علاوہ انہوں نے امریکا، برطانیہ، کشمیر، کینیڈا، آسٹریلیا، مڈل ایسٹ میں بھرتیاں کرنے والوں کی تفصیلات بھی شیئر کیں۔ عمران خان کے فوکل پرسن برائے سوشل میڈیا اظہر مشوانی نے بھی اپنی ٹویٹ میں نئے شامل ہونے والوں کو مبارکباد دی۔

بقیہ 20

ے، انہوں نے کہا پرچہ کیوں نہیں ہورہا؟ پرچہ کٹوائیں اور انہی لوگ کے خلاف کاٹیں جن کا نام لیا جا رہا ہے۔ میں نے کہا اس کا بہترین حل ہے کہ آپ سیاستدان ہیں، اپنے علاقے کے ایس ایچ او کا نام بتائیں۔ 20 منٹ میں ایس ایچ او وزیرآباد لگ جائے گا، اپنی مرضی کا پرچہ کرالیں۔ پی ٹی آئی کے لوگ خاموش ہوگئے۔ مونس الٰہی نے مزید کہا کہ ڈی پی او کو عمران خان پر حملہ کرنے والے ملزم کی سکیورٹی یقینی بنانے کا کہا گیا۔ واضح رہے کہ اس سے قبل وزیر آباد واقعہ کے مرکزی ملزم نوید نے جے آئی ٹی کو بیان دیتے ہوئے کہا کہ عمران خان لوگوں کو گمراہ کر رہے تھے، اکیلے ہی حملے کی منصوبہ بندی کی۔ فائرنگ کے بعد کنٹینر سے دائیں گلی میں فرار ہونا تھا لیکن پکڑا گیا۔ ملزم نے مزید کہا کہ میرا کسی سیاسی یا دینی جماعت سے تعلق نہیں اور مجھے کسی نے حملہ کرنے کو نہیں کہا تھا۔ 2 گھنٹے تک انتظار کرتا رہا، کنٹینر کے آگے پولیس نہ ہونے پر سامنے آ کر فائرنگ کی۔ ملزم نوید اس وقت جسمانی ریمانڈ پر پولیس کی تحویل میں ہے۔ گوجرانوالہ کی خصوصی عدالت نے ملزم کو کیس کی مزید تفتیش کیلئے جے آئی ٹی کے حوالے کیا تھا۔ جے آئی ٹی کی جانب سے ملزم سے تفتیش کی گئی۔

بقیہ 21

میں انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے دورہ ترکیہ کی منسوخی کا کوئی فیصلہ نہیں کیا۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف فریگیٹ کی افتتاحی تقریب میں شرکت کے لیے جمعے کو ترکیہ روانہ ہوں گے۔ اس سے قبل خبریں آئی تھیں کہ وزیراعظم شہباز شریف نے ترکیہ کا دورہ ملتوی کردیا ہے۔

بقیہ 22

سے 3،3، شیخوپورہ، قصور اور نارووال سے 2،2 جبکہ سیالکوٹ، گجرات، اٹک، حافظ آباد، بہاولپور، لودھراں، ٹوبہ ٹیک سنگھ اور جھنگ سے 1،1 کیس رپورٹ ہوا۔ گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ڈینگی وائرس کے باعث 4 ہلاکتیں رپورٹ ہوئیں۔ رواں سال اب تک پنجاب بھر میں ڈینگی بخار سے 45 ہلاکتیں رپورٹ ہوئی ہیں۔

بقیہ 23

سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ جس طرح سیری مجواڑ کی غیور عوام نے مسلم لیگ نون کے نامزد امیدوار غلام قادر بٹ کی مکمل حمایت کرکے ثابت کیا کہ ہمارے قائد غلام قادر بٹ ہیں انہوں نے کہا اس طرح تمام یونین کونسل سے مسلم لیگ نون بھاری مارجن سے جیتے گئی، معروف نگڑیال نے کہا کہ غلام قادر بٹ ایک نڈر، بے باک، جرات مندی مخلص، باشعور، باکردار، رواداری، افہام و تفہیم، محبت بھائی چارے، حسن اخلاق، ہر خاص و عام کے دکھ درد میں شریک ہونے ایک اعلیٰ شخصیت کے مالک ہیں وہ عوامی مسائل سے بخوبی آگاہ ہیں اور ان مسائل کو حل کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں، انہوں نے ہر فارم پر عوامی مسائل کو اجاگر کیا اور ہما وقت اپنے لوگوں کے درمیان رہتے ہیں انہوں نے کہ غلام قادر بٹ کی ہر روز بڑھتی ہوئی مقبولیت مخالفین کی نیندیں حرام کردیں انہوں نے کہا حکومت جتنے مرضی سرکاری وسائل استعمال کرلے مگر باشعور لوگوں کو کبھی بھی نہیں خرید سکتی حکومتی نمائندوں کی کارکردگی سب کے سامنے ہے انشاللہ مستقبل مسلم لیگ نون کا ہوگا۔

بقیہ 24

ہم نے درخواست دی ہے اس سے قبل روات میں بھی ریلی کی درخواست دی تھی، چیئرمین پی ٹی آئی ہیلی کاپٹر پر اسلام آباد آئیں گے اس کی بھی اجازت مانگی ہے۔ چیف جسٹس عامر فاروق نے استفسار کیا کہ تو ہائی کورٹ اس میں کیا کرسکتی ہی ہیلی پیڈ سروسز ہائی کورٹ تو نہیں دے سکتی۔ وکیل نے کہا کہ آپ انتظامیہ کو ہدایت دے دیں کہ وہ قانون کے مطابق ہماری درخواست پر فیصلہ کریں۔ چیف جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ وہ تو انہوں نے قانون کے مطابق ہی کرنا ہے، میں یہ تو نہیں کہوں گا کہ قانون کے مطابق نہ کریں۔

بقیہ 25

کیو ہسپتال سمندری منتقل کردیا۔

بقیہ 26

خیرآباد پل آمد 19 ہزار 900 کیوسک، اخراج 19 ہزار 900 کیوسک، جہلم میں منگلا کے مقام پر آمد 10 ہزار 700 کیوسک اور اخراج 22 ہزار کیوسک، چناب میں مرالہ کے مقام پر آمد 6 ہزار 600 کیوسک اور اخراج 2 ہزار کیوسک رہا۔ جناح بیراج آمد 59 ہزار 500 کیوسک اور اخراج

53 ہزار 500 کیوسک، چشمہ 48 ہزار 300 کیوسک اور اخراج 51 ہزار کیوسک، تونسہ آمد 48 ہزار کیوسک اور اخراج 39 ہزار 100 کیوسک، گدو آمد 37 ہزار 800 کیوسک اور اخراج 30 ہزار 600 کیوسک، سکھر آمد 33 ہزار کیوسک اور اخراج 13 ہزار 100 کیوسک، کوٹری آمد 12 ہزار 800 کیوسک اور اخراج 7 ہزار 200 کیوسک، تریموں آمد 5 ہزار 200 کیوسک اور اخراج صفر کیوسک، پنجند آمد 6 ہزار 500 کیوسک اور اخراج صفر کیوسک ریکارڈ کیا گیا۔ تربیلا کا کم از کم آپریٹنگ لیول 1398 فٹ، پانی کی موجودہ سطح 1514.66 فٹ، پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 1550 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 3.914 ملین ایکڑ فٹ، منگلا کا کم از کم آپریٹنگ لیول 1050 فٹ، پانی کی موجودہ سطح 1142.00 فٹ، پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 1242 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 1.474 ملین ایکڑ فٹ، چشمہ کا کم از کم آپریٹنگ لیول 638.15 فٹ، پانی کی موجودہ سطح 644.00 فٹ، پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 649 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 0.100 ملین ایکڑ فٹ رہا۔ تربیلا اور چشمہ کے مقامات پر دریائے سندھ، نوشہرہ کے مقام پر دریائے کابل اور منگلا کے مقام پر دریائے جہلم میں پانی کی آمد اور اخراج 24 گھنٹے کے اوسط بہاؤ کی صورت میں ہے۔

بقیہ 27

سرو کار نہیں ان کی حقیقت کھل کر عوام کے سامنے آچلی ہے، جس طرح لانگ مارچ ناکامی سے دوچار ہوا اسی طرح 26 نومبر کو بھی ناکامی پی ٹی آئی کا مقدر ہوگی انہیں کچھ حاصل نہیں ہوگا۔

بقیہ 28

ڈیوٹی اسٹرکچر کو برقرار رکھا جائے مقامی ٹیکسٹائل کے تحفظ کے لیے یارن کی درآمد پر کوئی آر ڈی عائد نہ کی جائے۔ ریگولیٹری ڈیوٹی کے نفاذ سے ملک میں مہنگائی پر براہ راست اثر پڑے گا اور حالات خراب ہوں گے۔ دوسری جانب یارن مینوفیکچررز درآمدی دھاگے کے زمینی لاگت کے مطابق اپنی قیمتوں میں اضافہ کریں گے جس کے نتیجے میں تیار ٹیکسٹائل مصنوعات کی قیمت میں بھی اضافہ ہوگا اور مہنگائی پر دوگنا اثر پڑے گا۔ جس سے دیگر صنعتی مسائل بھی بڑھ سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دھاگے کے مینو فیکچررز ڈیوٹی اسٹرکچر میں بڑے فرق کے باوجود کم معیار اور پیداوار کی زیادہ لاگت کی وجہ سے مارکیٹ کو نہیں لے سکے۔ ہمارا موقف ہے کہ آر ڈی لگانے کی بجائے موثر پیداواری صلاحیت کو بڑھانے کی کوشش کی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کپاس کی جگہ یارن نے لے لی ہے اور پاکستان میں ٹیکسٹائل کی صنعت کا زیادہ تر انحصار درآمدی یارن پر ہے۔

بقیہ 29

بنیاد مقدمہ کے اخراج کا مطالبہ کیا ہے اور کہا کہ اگر ایف آئی آر خارج نہ کی گئی تو پوٹھوہار پریس کلب احتجاج کی کال دے گا جبکہ پولیس کی جانب سے موقف اپنایا گیا کہ شادی کی تقریب میں اسلحہ سے فائرنگ اور آتش بازی کی جاری تھی اور موقع سے ایس ایم جی کے دو سو راونڈز اور کلاشنکوف اور انار وغیرہ قبضہ میں لیے گے پولیس نے دوران کاروائی فائرنگ کرنے والے افراد کو قابو میں کیا جن کو دیگر 25 سے زیادہ مسلح افراد نے حراست سے چھڑوالیا اور اس دوران کانسٹیبل بٹ لگنے سے مضروب ہو گیا جبکہ آج صبح راجہ عزیز کے وکیل راجہ اظہر ایوب کیانی کی جانب سے میڈیا پر موقف دیا گیا کہ یہ ریڈ راجہ عزیز کی عزت و شہرت کو نقصان پہنچانے کی غرض کروایا گیا ہے جسکی باقاعدہ پشت پناہی مقامی ایم پی اے کی جانب سے کی گی انھوں نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ مہندی کی تقریب میں ہم وکلا کے علاوہ میڈیا کے سینئر ممبران اور دیگر سیاسی و سماجی شخصیات بھی موجود تھیں پولیس تھانہ گوجر خان کے اے ایس آئی عظمت نے جو ریڈ کیا اس میں گھر کی چادر چار دیواری کا تقدس پامال کیا گیا ہے علی عزیز پر جو الزام لگایا گیا کہ وہ فائرنگ کررہا تھا جبکہ اسکی مہندی کا فنکشن تھا اور اسکے ہاتھوں میں مہندی لگی ہوئی تھی میں اس واقعہ کے بعد اپنے دوست سینئر وکلا کے ساتھ جب تھانے میں گیا اور ایس ایچ او کو اپنا موقف دینا چاہا تو ایس ایچ او کے گن مینوں نے اسلحہ تان لیا اور ہمیں ہراساں کرنا شروع کردیا اور کہا کہ وکلا کی غنڈہ گردی نکالیں گے ایس ایچ او نے ہمارا موقف بھی ٹھیک سے نہ سنا اور نہ ہی ہماری درخواست کو ای ٹیگ کیا گیا ہم نے صبح مقدمہ میں درج افراد کی قبل از گرفتاری ضمانتیں کروائی ہیں اور ہم عدالت سے 22 اے کے ذریعے پولیس تھانہ گوجر خان پر چادر چار دیواری کا تقدس پامال کرنے کا مقدمہ بھی درج کروائیں گے اور اس واقعے کی انکوائری بھی کروائیں گے جبکہ پوٹھوہار پریس کلب گوجر خان کے جنرل سیکریٹری زرین خان نے کہا کہ اگر پولیس تھانہ گوجر خان نے ہمارے سینئر ممبر پر درج مقدمہ خارج نہ کیا تو بھرپور احتجاج کیا جائے گا

بقیہ 30

غیر مجاز استعمال اور پھلوں/سبزیوں، ڈیری، چکن، ٹک شاپس، جنرل سٹورز، کیش اینڈ کیری وغیرہ میں مجموعی صفائی کا معائنہ کیا، کرنل امان اللہ روڈ سے عارضی تجاوزات ہٹا دی گئی، خلاف ورزی کرنے والوں پر قانون کے مطابق جرمانے عائد کیے گئے اور وارننگ دی گئی، واضح رہے کہ روزانہ کی بنیاد پر تجاویزات، قیمتوں میں اضافے، صفائی اور دیگر کے خلاف آپریشن جاری ہے،

بقیہ 31

شناخت 25 سالہ عادل ولد غلام نبی سے ہوئی۔ پولیس نے واقعے کے بعد فرار ہونے والے ٹرک ڈرائیور کی تلاش شروع کردی۔

بقیہ 32

منتقل کیا گیا۔ تاہم گزشتہ روز دونوں قیدی ہسپتال میں دم توڑ گئے۔ قانونی کارروائی کے بعد دونوں قیدیوں کی لاشیں پوسٹ مارٹم کے لئے مردہ خانہ منتقل کردی گئیں۔ پوسٹ مارٹم کے بعد لاشیں ورثاء کے حوالے کی جائیں گی۔

بقیہ 33

مقدمات رجسٹرڈ کئے گئے ’اغواء‘ برائے تاوان کے 3، بھتہ خوری کے 27 دہشت گردی کے 9، ڈکیتی کے 83، رابری کے 4534 مقدمات درج کئے گئے پولیس کی طرف سے 2357 مقدمات کو خارج کیا گیا، مختلف اشخاص کے خلاف 4587 پراپرٹی کے خلاف 14731 مقدمات درج کروائے گئے 6669 افراد بے گناہ ہوئے 378 افراد نے ضمانتیں حاصل کیں، اس طرح سنگین جرائم کے 5024 مقدمات رجسٹرڈ ہوئے جس میں 128 کی اخراج پورٹ بنائی گئی جبکہ 1266 کے چالان پیش کئے گئے، 479 چالان نامکمل رہے، 2605 ملزمان عدم حاضر رہے 13069 ملزمان سنگین جرائم میں ملوث رہے نہتے شہری دن دیہاڑے ڈاکوؤں کے ہاتھوں لٹتے رہے چوری کی وارداتوں میں لاکھوں مالیت کی گاڑیاں بھی غائب، 5299 موٹر سائیکلوں کا سراغ نہ لگ سکا۔

بقیہ 34

ٹریک سے اتر گیا جس کے باعث ٹرینوں کی آمدورفت روک دی گئی ہے اس طرح کراچی سے آ کر لالہ موسیٰ جانیوالی ملت ایکسپریس ٹرین 2 گھنٹے سے بھلوال اسٹیشن پر کھڑی رہی۔ اس واقعہ پر ملکوال سے کرین منگوا کر ریلوے ٹریک کی بحالی کا کام کیا گیا۔

بقیہ 35

کسی قسم سفارش نہیں کی ہے۔ جہاں بھی تعیناتی کی آرڈر ہوجائے تو بخوشی وہاں ڈیوٹی سرانجام دیتے ہیں۔ موصوف ایک ملنسار انسان ہے ہمیشہ عوام کے ساتھ خندہ پیشانی سے پیش ہوتے ہیں اور نہایت خوش اخلاق انسان ہے

بقیہ 36

وطالبات میں سے صرف 8 امیدوار کامیاب ہوسکے۔ انہوں نے بتایا کہ کامیاب اور ناکام طلبا وطالبات کے رزلٹ کارڈز ان کے داخلہ فارموں پر دیئے گئے پتہ جات پر ارسال کردیئے گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ طلبا وطالبات اپنا رزلٹ بذریعہ ٹیلی فون بھی معلوم کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ طلبا وطالبات کی جانب سے اپنا رزلٹ یا رزلٹ سے متعلق دیگر معلومات حاصل کرنے کیلئے اسسٹنٹ کنٹرولر انٹر برانچ میاں محمد نعیم کے ٹیلی فون نمبر 0412517716 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ 37

کے چالان تلف کئے جارہے ہیں۔ ڈاکٹر اسد ملہی نے کہا کہ شہر کے داخلی و خارجی راستوں، بس اڈوں پر جوائنٹ آپریشنز بھی جاری ہیں، خصوصی ناکہ جات لگاتے ہوئے کریک ڈاؤن کو بھی یقینی بنایا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گاڑیوں سے نکلنے والا مضر صحت دھواں سموگ کا باعث بن رہا ہے، احتیاطی تدابیر اپنانے سے سموگ کے خطرات سے بچا جاسکتا ہے، کارروائی کرنے سے سموگ اور ماحولیاتی آلودگی کے اثرات کم ہونگے، ماحولیاتی آلودگی اور سموگ سے انسان کو سانس لینے میں دشواری، ناک، گلے کی بیماریوں کا اندیشہ رہتا ہے۔

بقیہ 38

گ کی کیفیت طاری ہوگئی اور لوگ چوہدری عمران کموکا کی فلاحی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں خراج عقیدت پیش کرتے رہے اور فرط غم سے ہر آنکھ اشکبار نظر آئی، صدر فیصل آباد پولیس نے نامعلوم ملزمان کیخلاف مقدمہ درج کرکے قانونی کارروائی شروع کردی ہے اور کچھ مشکوک افراد کو حراست میں لیکر ان سے پوچھ گچھ کی جارہی ہے۔

بقیہ 39

166.2 ملین ڈالر کے اخراج کے مقابلہ میں 514.5 ملین ڈالر تھی، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے دوران خالص براہ راست سرمایہ کاری کا حجم 726.5 ملین ڈالر رہا جس میں 378.2 ڈالر کی کمی ہے، حکومت غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافہ کیلئے موثر اقدامات اٹھائے کیونکہ غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافہ سے برآمدات میں اضافہ، ملکی معیشت مستحکم ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے قائداعظم انڈسٹریل اسٹیٹ کے صنعتکاروں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ نصر اللہ مغل نے کہا کہ حکومت غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافہ کیلئے سازگار ماحول اور مراعاتی پیکیج کا اعلان کرے، تاکہ ملک میں زیادہ سے زیادہ غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافہ ہو، تجارتی سہولتی اقدامات معاشی سرگرمی کو بڑھانے، غیر ملکی سرمایہ کاری کو فروغ دینے، برآمدات میں اضافہ اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے کا باعث بنیں گے تجارتی سہولیات میں بہتری سے غیر ملکی سرمایہ کاری اور ملکی برآمدت میں اضافہ سے ملک خوشحالی وترقی کی راہوں پر گامزن ہوگا۔

بقیہ 40

شیر نامی شہری زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ ایک ڈاکو کو زندہ گرفتار کرلیا گیا جبکہ دوسرے شہری کو طبی امداد دی جارہی ہے۔ ترجمان کا مزید کہنا ہے کہ گرفتار ڈاکو کے قبضہ سے چھینے گئے موبائل، گھڑیاں، رقم اور اسلحہ برآمد کرلیا گیا۔ ایس پی ڈولفن توقیر نعیم بھی موقع پر پہنچ گئے۔

بقیہ 41

کو ریلوے فیصل آباد کی کارکردگی، مسائل اور مسافروں کو دی جانے والی تمام سہولیات کے بارے میں آگاہ کیا۔ وفاقی محتسب کو سلمان خالد اسسٹنٹ آپریٹنگ آفیسر، سٹیشن سپرنٹنڈنٹ یونس بھٹی و دیگر افسران نے ریلوے فیصل آباد کے تمام انتظامی معاملات، مسائل، سہولیات کے بارے میں آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ ریلوے فیصل آباد مسافروں کو سفر کی بہترین سہولتیں پہنچانے کیلئے دن رات کوشاں ہے تاہم ریلوے شدید مالی مسائل اور خصوصاً حالیہ سیلاب کے باعث پہنچنے والے نقصان کی وجہ سے ان سہولتوں کو باہم پہنچانے کیلئے مشکلات کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب کے باعث ریلوے ٹریک کو شدید نقصان پہنچنے سے ٹرینوں کی آمدورفت شدید متاثر ہوئی ہے جس کے باعث ٹرینوں میں کمی سے مسافروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ انہوں نے وفاقی محتسب کو ریلوے فیصل آباد کو حاصل ہونے والی آمدنی اور اخراجات کے بارے میں آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ ریلوے فیصل آباد بحالات بالا خسارے میں چل رہا ہے جس کے باعث نہ صرف مسافر بلکہ ریلوے ملازمین بھی مسائل کا شکار ہیں۔ وفاقی محتسب نے ریلوے سٹیشن کے تمام شعبوں کا معائنہ کرتے ہوئے وہاں موجود مسافروں سے انکے مسائل بھی دریافت کیے اور موقع پر ریلوے انتظامیہ کو انکے حل کیلئے احکامات جاری کیے۔ ریلوے انتظامیہ نے وفاقی محتسب کو ریلوے محصولات کے بارے میں بتایا کہ ریلوے فریٹ سے ریلوے کو 66 فیصد جبکہ مسافر ٹرینوں سے 34 فیصد کے لگ بھگ آمدنی حاصل ہوتی ہے۔ وفاقی محتسب شاہد جیلانی نے ریلوے انتظامیہ کو مسافروں کے مسائل اور انکے حل کیلئے اقدامات کرنے کی ہدایات جاری کیں۔

بقیہ 42

پر گرفتار کرکیا ہے ایس آئی عامر رضوان شوکت کی مدعیت میں منشیات کا مقدمہ درج کیا اور ملزم کو حوالات جوڈیشل بھجوادیا جو طبیعت انتہائی خراب ہونے پر جیل میں انتقال کرگیا۔ تو جیل انتظامیہ نے عدالت کو رپورٹ دی کہ ملزم قاسم بیماری کے باعث انتقال کرگیا جس پر فاضل عدالت کے جج ملک نثار احمد نے متوفی کے خلاف درج منشیات کا مقدمہ کو خارج کرکے داخل دفتر کردیا۔

بقیہ 43

برآمد کر لی گئی۔ اس کے ساتھ غیر قانونی اسلحہ اسکی نمائش کرنے پر 7 ملزمان گرفتار، ساؤنڈ سسٹم، آتش بازی اور ون ویلنگ کرنے پر 14 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، پتنگ بازی، گداگری اور گٹکا فروشی پر 6 ملزمان کو حوالات میں بند کیا گیا۔ جبکہ حساس مقامات اور بلیک پیپر کے استعمال پر 11 ملزمان کو پابند سلاسل کیا گیا۔

بقیہ 44

اور اریلیشن سیکٹرز کی 2 ترقیاتی سکیموں کے لیے مجموعی طور پر 31 ارب 85 کروڑ 11 لاکھ 72 ہزار روپے کی منظوری دی۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ عبداللہ خان سنبل نے کی۔ صوبائی ورکنگ پارٹی کے اجلاس میں ترقیاتی بورڈ کی جانب سے جن سکیموں کی منظوری دی گئی ان میں نتائج حاصل کرنا: معیاری تعلیمی خدمت تک رسائی اور فراہمی (ترمیمی) کیلئے 31 ارب 35 کروڑ روپے اور بی آر بی ڈی لنک کینال پر باٹا پور میں رہائشی کالونی کی تعمیر اور کینال کالونی ٹھوکر نیاز بیگ میں سہولیات کی بہتری کیلئے 50 کروڑ 11 لاکھ 72 ہزار روپے شامل ہیں۔ اجلاس میں صوبائی سیکرٹری پی اینڈ ڈی بورڈ ڈاکٹر محمد انور سہیل چوہدری سمیت صوبائی محکمہ جات کے اعلیٰ افسران اور پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ کے ممبران نے شرکت کی۔

بقیہ 45

سی ٹی ڈی پنجاب نے خفیہ اطلاع پر کاروائی کرتے ہوئے کالعدم تنظیم داعش کے انتہائی مطلوب کمانڈر خالد / محمد نبی کو گرفتار کرلیا۔ مبینہ دہشت گرد کمانڈر خالد / محمد نبی نے جعلی نام سے پاکستانی شناختی کارڈ بنوا رکھا تھا۔ مبینہ دہشت گرد کے قبضہ سے بھاری مقدار میں دھماکہ خیز مواد برآمد کیا گیا، دھماکہ خیز مواد کو راولپنڈی میں تخریبی سرگرمیوں میں استعمال کیا جانا تھا۔ دوران تفتیش دہشت گرد خالد / محمد نبی نے انکشاف کیا کہ چھ سال قبل داعش تنظیم کے سابقہ خلیفہ ابوبکر البغدادی کی بیعت کے بعد اسے بطور امیر داعش خراسان دلسوالی نورگل مقرر کیا گیا۔ خالد / محمد نبی داعش تنظیم کو خراسان میں منظم کرنے اور داعش کے زیر قبضہ علاقہ کے دفاع اور محاذ آرائی میں ملوث رہا۔ خالد / محمد نبی 2019ء میں افغان فورسز کے ہاتھوں گرفتار ہوکر جلال آباد اور پل چرخی جیل میں قید بھی رہا۔ 2021ء میں طالبان حکومت آنے کے بعد پل چرخی جیل ٹوٹنے پر فرار ہوا اور غیر قانونی طور پر افغانستان سے پاکستان داخل ہوا۔ خالد / محمد نبی نے اپنی شناخت چھپانے کیلئے محمد خالد کے نام سے جعلی شناختی کارڈ بنایا۔ دوسری کاروائی میں سی ٹی ڈی پنجاب نے سول حساس ادارے کے تعاون سے داعش کے دہشت گرد فاروق عباس سکنہ پشاور کو دھماکہ خیز مواد سمیت گرفتار کیا۔ مذکورہ دہشت گرد راولپنڈی / اسلام آباد میں دہشت گردی کے منصوبے سے داخل ہوا تھا۔ گرفتار دہشت گردوں سے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 46

الاپنا شروع کر دیا، عمران خان کو اب یہ جان لینا چاہیے کہ کے عوام پر ان کے جھوٹوں کی حقیقت کھل چکی ہے، عوام عمران خان کے بہکاوے میں نہیں آئیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عمران خان اور اس کے حواری اقتدار کے لالچ میں اس حد تک پاگل ہوگئے ہیں کہ یہ عوام کو اپنی سیاست کا ایندھن بنانے سے بھی گریز نہیں کر رہے، اگر عمران خان نے لانگ مارچ نکالنا تھا تو اپنے دور کی مہنگائی کے خلاف نکالتا، غریب عوام کی آواز بن کے سڑکوں پر آتا لیکن اس نے تو پھر اپنے اقتدار میں لانے کیلئے رونا دھونا شروع کیا ہوا ہے۔

بقیہ 47

بتایا گیا ہے کہ نمونہ جات چار فٹ، آٹھ فٹ اور بارہ فٹ گہرائی سے لئے گئے جس سے ڈمپ کیے گئے کوڑے کے نمونہ جات میں لیچرڈ، کلورو سنڈ، ہائیڈ وجن کی موجودگی کی شرح کا جائزہ لیا جائے گا۔ محکمہ خزانہ کے پاس ویسٹ ٹو انرجی منصوبہ کے لئے 20 ارب روپے کے فنڈز موجود ہیں۔ ڈمپ کیا گیا لاکھوں ٹن کوڑا بجلی بنانے کے لئے کتنا کارآمد ثابت ہوگا سٹڈی کئے گئے 210 نمونہ جات ایشین انوائرمنٹل سروسز لیب میں بھجوا دیئے گئے۔ غیر ملکی کمپنیاں ویسٹ ٹو انرجی پراجیکٹ میں دلچسپی لے رہی ہیں۔ جرمن اور تھائی لینڈ کی کمپنیوں کو ریسرچ اور پراجیکٹ کے لئے مدعو کیا جارہا ہے۔ پاکستان میں پہلی بار اس نوعیت کی ویسٹ کریکٹرائزیشن سٹڈی کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ ریسرچ کے نتائج ویسٹ ٹو انرجی پراجیکٹ میں دلچسپی رکھنے والے غیر ملکی سرمایہ داروں کیلئے معاون ثابت ہوں گے۔ بتایا گیا ہے کہ 24 ملین ٹن سے زائد ویسٹ لکھوڈیر اور محمود بوٹی ڈمپنگ سائٹ پر ویسٹ ٹو انرجی پراجیکٹ کیلئے دستیاب ہے۔

بقیہ 48

کے بھائی کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے ملزمان جاوید اور قدیر کو چند گھنٹوں میں گرفتار کرلیا۔ اس حوالے سے ایس پی عمارہ شیرازی نے کہا کہ خواتین کو حراساں و زیادتی کرنے والا کسی رعایت کے مستحق نہیں۔

بقیہ 49

ہر ممکن فوری اقدامات کئے جائیں۔

بقیہ 50

فیصل آباد کے اس نمایاں ترین دو روزہ ادبی میلے میں ملک بھر سے معروف ادیبوں اور شعرا کے علاوہ موسیقی، مصوری اور دیگر فنون سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات شرکت کریں گی۔ آرٹس کونسل کے ترجمان نے بتایا کہ فیصل آباد لٹریری فیسٹیول کی افتتاحی تقریب سے اصغر ندیم سید، مصدق ذوالقرنین، ڈاکٹر عارفہ سیدہ زہرہ، کشور ناہید، سارہ حیات اور شیبا عالم خطاب کریں گی۔ انہوں نے بتایا کہ پہلے دن کے مختلف سیشنز کے دیگر شرکا میں منیزہ ہاشمی، بینک آف پنجاب کے صدر ظفر مسعود، افتخار عارف، خالد مسعود، عباس تابش، حمیدہ شاہین، ناصرہ زبیری، ڈاکٹر ضیاالحسن، انجم سلیمی، شکیل جاذب، عدنان بیگ، حماد نیازی، رحمان فارسی، ڈاکٹر طاہرہ اقبال، محمد حمید شاہد، ڈاکٹر ناصر عباس نیر، امجد طفیل، فرخ سہیل گوئندی، ڈاکٹر خولہ چیمہ، ناصر ڈھلوں، ڈاکٹر توحید چٹھہ اور حارث خلیق شامل ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پہلے روز سحر مرزا کی انگریزی میں لکھی گئی تصنیف the in otherThe Mirror کی تقریب رونمائی بھی ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ فیصل آباد لٹریری فیسٹیول کے دوسرے روز منعقد ہونیوالے مختلف پروگرامز کے شرکا میں ڈاکٹر شوکت محمود، جاوید اقبال، ذوالفقار علی زلفی، مشرف علی فاروقی، اسامہ صدیق، ڈاکٹر ناصر عباس نیر، شیبا عالم، عزم الحق، ڈاکٹر اصغر ندیم سید، سلیمہ ہاشمی، راشد رانا، قدوس مرزا، وردہ شبیر، سرمد سلطان کھوسٹ، ثانیہ سعید، توثیق حیدر، ثریا ملتانیکر، راحت ملتانیکر اور منزہ عالم شامل ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ فیصل آباد لٹریری فیسٹیول کے دوسرے روز مہر محمد صادق کی معارف غالب، اصغر ندیم سید کی ”پھرتا ہے فلک برسوں“، حارث خلیق کی ”حیراں سر بازار“ اور محمد حمید شاہد کی ”حیرت کا باغ“ کی تقریب رونمائی بھی ہو گی۔ انہوں نے بتایا کہ اپنے جلو میں متعدد ادبی اور ثقافتی رنگ لئے ہر سال منعقد ہونیوالے فیصل آباد لٹریری فیسٹیول کے مذاکروں، مباحثوں، کتابوں کی رونمائی کی تقاریب اور دیگر پروگراموں کو ہمیشہ بھرپور پذیرائی ملتی ہے اور اہلیان فیصل آباد شدت سے اس رنگا رنگ فیسٹیول کے منتظر رہتے ہیں۔

بقیہ 51

مارچ آخری مراحل میں داخل ہو چکا ہے 26 نومبر کو عوام کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر امپورٹڈ حکومت کو بہا کر لے جائے گا، عمران خان وہ واحد لیڈر ہیں جو ملک کو صحیح سمت میں لے جانا چاہتے ہیں ان امپورٹڈ حکمرانوں کے بس کی بات نہیں کہ وہ عوام کو ان کے مسائل سے چھٹکارا دلوا سکیں عمران خان عوامی حقوق کی جنگ لڑ رہے ہیں جنہیں تمام مکاتب فکر کی حمایت حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم کی جماعتوں کے ساتھ موازنہ کریں تو پی ٹی آئی کا ووٹ بنک زیادہ ہے مگر ہم نے کبھی انتشار کی سیاست نہیں کی اور نوجوانوں کی درست سمت رہنمائی کی ہے اس ملک میں جمہوری رہنماؤں کے پاس کتنے حقوق اور اختیارات ہیں اب سب کو معلوم ہوگیا ہے۔

بقیہ 52

سے تعلق رکھنے کی وجہ سے ملک و قوم کیلئے کچھ کر دکھانے کی امنگ ان میں بچپن سے ہی موجزن تھی۔ پہلی خاتون فائٹر پائلٹ نے 6 مئی 2011 میں پاکستان ایئر فورس کو جوائن کیا اور 24 ستمبر 2014 کو ایئر فورس سے گریجوایشن مکمل کی، مریم مختیار 132 ویں جی ڈی پائلٹ کورس میں شریک تھیں۔ مریم مختیار نے پی اے ایف اکیڈمی رسالپور میں فائٹر جیٹ پائلٹ کی تربیت حاصل کی۔ مریم افواج پاکستان کے نظم و ضبط سے بہت متاثر تھیں، مریم کہتی تھی کہ مجھے فوج کی وردی بہت متاثر کرتی تھی، اس لیے میں نے پاکستان ایئر فورس جوائن کرنے کا فیصلہ کیا، میں کچھ ایسا کرنا چاہتی تھی، جو معمول کے کاموں سے کچھ ہٹ کر ہو۔ فلائنگ آفیسر مریم مختیار چوبیس نومبر 2015 کو اپنے انسٹرکٹر، ثاقب عباسی کے ساتھ معمول کی تربیتی پرواز پر تھیں، جب میانوالی کے قریب ان کا طیارہ تکنیکی خرابی کی وجہ سے گر کر تباہ ہوگیا تھا اور مریم مختیار حادثے میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جہان فانی سے کوچ کر گئیں تھیں اور پاکستان کی پہلی شہید خاتون پائلٹ کا اعزاز ملا۔ فائٹر پائلٹ مریم مختار کا شمار لڑاکا طیارے کی ان پانچ خواتین پائلٹس میں ہوتا تھا، جنہیں محاذ جنگ تک جانے کی اجازت تھی۔ مریم کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ آپ دوران ڈیوٹی شہید ہونے والی پاک فضائیہ کی پہلی فائٹر پائلٹ ہیں، ان کو تمغہ بسالت سے بھی نوازا گیا۔

بقیہ 53

میں مقدمہ درج کروادیا پولیس تھانہ جاتلی نے مقدمہ درج کرکے عبدالرشید نامی شخص کو گرفتار کرلیا سٹے آرڈر کی خلاف ورزی کرتے ہوئے بجلی میٹر کی تنصیب کرانے اور آسیکو ملازمین کو گلم گلوچ اور وردی پھاڑنے پر میاں بیوی کے خلاف مقدمہ درج ایس ڈی او دولتالہ حمزہ شاہد نے جاتلی پولیس کو مقدمہ درج کراتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ گزشتہ روز نسیم اختر زوجہ عبدالرشید ساکن تھہ چھتر نے بجلی کا میٹر نصب کروایا محکمہ اس بات سے لاعلم تھا کہ مذکورہ جگہ پر عدالت کی جانب سے سٹے آرڈر ہے تاہم معاملے کی آگہی پر میں نے سٹاف کو میٹر اتارنے بھیجا تو نسیم اختر زوجہ عبدالرشید اور اسکے شوہر عبدالرشید ولد عبدالمالک ساکن تھہ چھتر ہمراہ چند نامعلوم افراد نے گالم گلوچ کیا، جان سے مارنے کی دھمکیاں دیں اور اہلکار کے کپڑے بھاڑ دیے اور میٹر اتارنے نہ دیا جاتلی پولیس نے ایس ڈی او آئیسکو دولتالہ حمزہ شاہد کہ مدعیت میں کار سرکار میں مداخلت کی دفعات تعزیرات پاکستان 353/186 کے تحت مقدمہ درج کر کے پولیس نے ملزم عبدالرشید کو حراست میں لیکر مزید تفتیش شروع کردی ہے

بقیہ 54

کے امن کو خراب نہیں ہونے دینگے امن و امان خراب کرنے والے عناصر کے خلاف سختی سے پیش آئینگے لہٰذا عوام پولیس کے ساتھ تعاون کریں علاقے میں امن و امان برقرار رکھنے کی خاطر کسی بھی مشکوک شخص، گاڑی، یا دوسرے مشکوک سرگرمیوں کو دیکھنے کی صورت میں فوراً پولیس کو اطلاع دے۔ علاقے میں امن وسکون آپکے تعاون سے ہی ممکن ہیں۔

بقیہ 55

قلت پائی جاتی ہے۔ پاکستان میں شرح سود جس بلند شرح پر ہے اس پر کوئی بھی شخص بینک سے قرض لے کر کاروبار میں سرمایہ کاری نہیں کرتا بلکہ سرمایہ کار کاروبار سے پیسے نکال کر بینکوں میں رکھوا دیتے ہیں جس سے معاشی سرگرمیاں بری طرح متاثر ہوتی ہیں۔ اشرف بھٹی نے کہا کہ اگر معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینا ہے تو شرح سود میں کمی کی جائے تاکہ سرمائے کی قلت ختم ہونے سے مختلف طرح کے کاروبار عروج حاصل کرسکیں جس سے نہ صرف روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے بلکہ حکومت کو بھی محصولات کی مد میں آمدن حاصل ہوگی۔

بقیہ 56

والے قومی مجرم ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامع مسجد احمد علی لاہوری اچھرہ میں درس قرآن میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام کی دعائیں اور وفائیں اپنے فوجی جوانوں کے ساتھ ہیں جو یقیناً قیام امن اور پاکستان سے دہشت گرد عناصر کا صفایا کرنے کیلئے کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے دہشتگردوں کی سرکوبی کیلئے پاکستان کی پیشہ ور فورسز کو ملی کامیابیاں خوش آئند ہیں۔ عوام اپنی پاک فوج کے شہیدوں کے وارث فوجی جانبازوں کیخلاف کوئی سازش یا محاذ آرائی برداشت نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج کا ادارہ واحد ادارہ ہے جو ملک گیر سطح پر ہر ایمرجنسی میں عوام کی جان و مال کی حفاظت کرتا ہے اور ہر مشکل وقت میں کام آتا ہے، پاک فوج اس ملک کی سرحدوں کی محافظ ہے اس کی عزت و توقیر ہر حال میں مقدم ہے۔

بقیہ 57

, Grazyna Baranowska, Luciano Hazan, Angkhana Neelapaijit، جبری گمشدگیوں کے بارے میں ورکنگ گروپ، انسانی حقوق کے کارکنوں کی صورت حال کے بارے میں خصوصی نمائندہ میری لالر، دہشت گردی کا مقابلہ کرتے ہوئے انسانی حقوق کے فروغ اور تحفظ کے خصوصی نمائندیin (Aol،Fionnuala N اور ماورائے عدالت قتل کے بارے میں خصوصی نمائندیBinz-Morris Tidball نے خرم پرویز کی غیر قانونی نظر بندی کو ایک سال مکمل ہونے پر ان کی فوری اور غیر مشروط رہائی کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ خرم پرویز کو آزادی سے مسلسل محروم رکھنے پر مایوس ہیں کیونکہ انسانی حقوق کے کارکن کو جبری گمشدگیوں اور ماورائے عدالت قتل سمیت انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کو اجاگر کرنے اور ان کو دستاویزی شکل دینے پر انتقامی کارروائی کا نشانہ بنایا جارہا ہے۔ خرم پرویز کو 22 نومبر 2021 کو دہشت گردی اور دیگر الزامات لگا کر گرفتار کیا گیا تھا۔ انہیں 30 نومبر اور 4 دسمبر 2021 کو دہلی کی ایک عدالت میں پیش کیا گیا جس نے انہیں بھارتی تحقیقاتی ادارے این آئی اے سے عدالتی ریمانڈ پر جیل بھیج دیا۔ نئی دہلی میں این آئی اے کی خصوصی عدالت نے غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے کالے قانون یو اے پی اے کے تحت ان کی نظر بندی میں پانچ بار توسیع کی ہے۔ ماہرین نے کہا کہ ہم بھارتی حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ خرم پرویز سمیت انسانی حقوق کے کارکنوں اور سول سوسائٹی کی تنظیموں کو انتقامی کارروائیوں کا نشانہ بنانا اور انہیں دھمکیاں دینا بند کرے جو انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے بارے میں معلومات اور ثبوت اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے اداروں کو فراہم کرتے ہیں۔ خرم پرویز اس وقت نئی دہلی کی روہنی جیل میں نظر بند ہیں۔ جرم ثابت ہونے پر انہیں 14 سال قید یا سزائے موت بھی ہوسکتی ہے۔ ان کے کیس کی اگلی سماعت کل 24 نومبر 2022 کو ہونے والی ہے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ ورلڈ آرگنائزیشن اگینسٹ ٹارچر اور ایشین فیڈریشن اگینسٹ انوالنٹیر ی ڈس اپیرنسز سمیت انسانی حقوق کی چار تنظیموں نے جبری نظر بندیوں کے بارے میں اقوام متحدہ کے ورکنگ گروپ کو شکایت جمع کرائی ہے کہ وہ خرم پرویز کی نظر بندی کے خلاف حکم جاری کرے اور بھارتی جیل سے انکی فوری رہائی کا مطالبہ کرے۔ شکایت میں انسانی حقوق کی تنظیموں نے خدشہ ظاہر کیا کہ خرم پرویز کو انسانی حقوق کی جائز اور پرامن سرگرمیوں پر انتقامی کارروائی میں عمر قید یا سزائے موت سنائی جاسکتی ہے۔ ورلڈ آرگنائزیشن اگینسٹ ٹارچر کے سیکرٹری جنرل Gerald Staberock نے کہا کہ خرم پرویز کی نظر بندی ایک جبری نظر بندی ہے جس میں تمام قانونی معیارات کی واضح خلاف ورزی کی گئی ہے جس کی بھارتی ریاست پابند ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک سال سے زائد عرصے سے ملکی عدالتیں قانون کی حکمرانی برقرار رکھنے اور بین الاقوامی قانون کی پاسداری کرنے میں ناکام رہی ہیں۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل اور ہیومن رائٹس واچ سمیت انسانی حقوق کی متعدد عالمی تنظیموں نے مشترکہ طور پر خرم پرویز کی فوری اور غیر مشروط رہائی کا مطالبہ کیا ہے۔ اس سلسلے میں انسانی حقوق کی 12 تنظیموں کے دستخط شدہ ایک بیان میں جو لندن میں قائم ایمنسٹی انٹرنیشنل کی ویب سائٹ پر موجود ہے، بھارت پر زور دیا گیا ہے کہ وہ انسانی حقوق کے کارکنوں کے کام کو جرم قرار دینا بند کرے۔ بیان میں کہا گیا کہ بھارتی حکام کو اس کے بجائے انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے لیے استثنیٰ ختم کرنا چاہیے جن کو انسانی حقوق کے کارکنوں نے خاص طور پر جموں و کشمیر میں بڑی بہادری سے بے نقاب کیا ہے۔ بیان میں افسوس کا اظہار کیا گیا کہ بھارتی حکام نے پرامن احتجاج کو روکنے اور معلومات تک رسائی کو محدود کرنے کے لیے میڈیا کی آزادی پر بھی قدغن لگا دی ہے اور انٹرنیٹ کو معطل کردیا ہے۔ انسانی حقوق کی تنظیموں نے کہا کہ اس کے شدید اثرات مرتب ہوئے ہیں جس سے جموں و کشمیر میں جسے اگست 2019 میں بھارت کی طرف سے خصوصی حیثیت کی منسوخی کے بعد سے پہلے ہی اختلاف رائے کی بنیاد پر بڑھتی ہوئی پابندیوں کا سامنا ہے، شہری آزادیاں مزید متاثر ہورہی ہیں۔

بقیہ 58

موقف اپنایا گیا ہے کہ الیکشن کمیشن عدالت نہیں، کسی کو نااہل کرنے کا اختیار نہیں۔ عدالت توشہ خانہ ریفرنس میں عمران خان کی نااہلی کا فیصلہ کالعدم قرار دے۔ این اے 95 کے ووٹر نے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر رکھی ہے۔ الیکشن کمیشن نے توشہ خانہ ریفرنس میں عمران خان کو نااہل قرار دے دیا تھا۔ عمران خان کو 63 پی کے تحت نااہل قرار دیا گیا۔ الیکشن کمیشن کے مطابق عمران خان کی نااہلی 5 رکنی کمیشن کا متفقہ فیصلہ ہے۔ الیکشن کمیشن کے فیصلے کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے غلط گوشوارے جمع کروائے۔ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان رکن قومی اسمبلی نہیں رہے۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے عمران خان کی قومی اسمبلی کی سیٹ خالی قرار دیا گیا، الیکشن کمیشن نے عمران خان کے خلاف فوجداری مقدمہ درج کرنے کا حکم دے دیا۔ الیکشن کمیشن نے 19 ستمبر کو دلائل مکمل ہونے کے بعد عمران خان کیخلاف توشہ خانہ کیس کا فیصلہ محفوظ کیا تھا۔ عمران خان متعدد بار جلسوں اور پارٹی تقاریب میں خطاب کرتے ہوئے یہ بات دہرا چکے ہیں کہ پی ڈی ایم اور موجودہ حکومت انہیں توشہ خانہ کیس میں الیکشن کمیشن کے ذریعے تاحیات نااہل کروانا چاہتی ہے۔ عمران خان متعدد بار یہ بھی مطالبہ کر چکے ہیں کہ آصف زرداری اور نواز شریف کے خلاف بھی توشہ خانہ کیس ساتھ سنا جائے اور اس کا فیصلہ بھی ساتھ ہی جاری کیا جائے۔ عمران خان پر الزام ہے کہ انہوں نے توشہ خانہ سے قیمتی تحائف سستے داموں حاصل کر کے انہیں الیکشن کمیشن سے چھپایا، جس کی بنیاد پر اسپیکر نے ان سمیت پانچ اراکین کیخلاف الیکشن کمیشن میں ریفرنس دائر کیا تھا۔ الیکشن کمیشن نے سابق وزیراعظم عمران خان کے خلاف دائر توشہ خانہ ریفرنس پر فیصلہ 19 ستمبر کو محفوظ کیا تھا۔ سابق وزیراعظم عمران خان کی نااہلی کے لیے دائر کیا جانے والا توشہ خانہ ریفرنس حکمراں اتحاد کے 5 ارکان قومی اسمبلی کی درخواست پر اسپیکر قومی اسمبلی نے الیکشن کمیشن کو بھجوایا تھا۔ ریفرنس میں الزام عائد کیا گیا تھا کہ عمران خان نے توشہ خانہ سے حاصل ہونے والے تحائف فروخت کرکے جو آمدن حاصل کی اسے اثاثوں میں ظاہر نہیں کیا۔ آئین کے آرٹیکل 63 کے تحت دائر کیے جانے والے ریفرنس میں آرٹیکل 62 ون ایف کے تحت عمران خان کی نااہلی کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ کیس کی سماعت کے دوران عمران خان کے وکیل بیرسٹر علی ظفر نے مؤقف اپنایا تھا کہ 62 (ون) (ایف) کے تحت نااہلی صرف عدلیہ کا اختیار ہے اور سپریم کورٹ کے مطابق الیکشن کمیشن کوئی عدالت نہیں۔

ضروری تصحیح
Corrigendum

میونسپل کمیٹی چکوال کا اشتہار بابت بھرتی آسامیاں مورخہ 13-11-2022 کو IPL # 11643 کے تحت روزنامہ ایکسپریس اسلام آباد میں شائع ہوا تھا جس کی اشاعت میں سیریل نمبر 4 پر درج آسامی ”فلٹریشن پلانٹ آپریٹر“، غلطی ہوگئی ہے۔ جبکہ درست آسامی ”آپریٹر فلٹریشن پلانٹ“ ہے۔ جس کی تصحیح کی گئی ہے۔ شائع شدہ اشتہار کو درج بالا تصحیح کے ساتھ پڑھا اور تصور کیا جائے۔ اشتہار کی دیگر تفصیلات و شرائط پہلے سے شائع شدہ اشتہار کے مطابق رہیں گی۔

IPL 12134

المشتہر: چوہدری تنویر عباس (چیف آفیسر، میونسپل کمیٹی چکوال)

عمران خان کا سیاسی تماشا ختم ہونے والا ہے سلیم رضا

26نومبر کو راولپنڈی میں قانون کو ہاتھ میں لینے کی کوشش کی گئی تو نتیجہ بھگتنا پڑیگا

آرمی چیف کی تعیناتی کو سیاسی ایشو نہ بنایا جائے تعیناتی کا طریقہ ریاستی آئین اور قانون میں موجود ہے

لاہور(این این آئی) مسلم لیگ(ن) اسیر رہائی کمیٹی برائے اظہار یکجہتی قائد کے سیکرٹری اطلاعات، ممبر پی ڈی ایم رابطہ کمیٹی لاہور محمد سلیم رضا نے کہا ہے کہ عمران خان کا سیاسی تماشا ختم ہونے والا ہے، آرمی چیف کی تعیناتی کو سیاسی ایشو نہ بنایا جائے تعیناتی کا طریقہ ریاستی آئین اور قانون میں موجود ہے، 26نومبر کو تحریک انصاف نے راولپنڈی میں قانون کو ہاتھ میں لینے کی کوشش کی تو نتیجہ بھگتنا پڑے گا۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کا پہلے دن سے ہی ایجنڈہ ملک میں انتشار پھیلانا ہے وفاقی حکومت شرپسندوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹنے کی صلاحیت رکھتی ہے مسلم لیگ(ن) نے ہمیشہ مثبت سیاست کو فروغ دیا ہے، عمران خان ملکی سلامتی سے کوئی (بقیہ نمبر 27)

راجہ عزیز کے بیٹے کی مہندی کے فنکشن پر پولیس تھانہ گوجرخان کی جانب سے ریڈ

کا معاملہ پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کا اپنے ممبر کے خلاف درج مقدمہ کے خلاف احتجاج کا عندیہ

گوجرخان) قمرشہزاد (تفصیلات کے مطابق تھانہ گوجرخان کی مشہور سیاسی و سماجی شخصیت راجہ عزیز کے بیٹے اور پوٹھوہار پریس کلب کے سینئر ممبر راجہ اسد کے بھتیجے کی شادی کے فنکشن پر پولیس تھانہ گوجرخان کی جانب سے چھاپے کا معاملہ پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان نے پولیس کے اعلیٰ حکام سے اپنے سینئر ممبر کے خلاف درج جھوٹا ہے(بقیہ نمبر 29)

لاہور' حاجی کیمپ لنڈا بازار میں محنت کش گھڑیاں فروخت کررہا ہے

کیمپ جیل کے 2 قیدی سروسز ہسپتال میں دم توڑ گئے

لاشیں پوسٹمارٹم کے بعد ورثاء کے حوالے کی جائینگی ' جیل حکام

لاہور(این این آئی) صوبائی دارلحکومت لاہور میں کیمپ جیل کے 2 قیدی سروسز ہسپتال میں دم توڑ گئے، دونوں متوفیوں کا تعلق لاہور سے تھا اور نشے کے عادی تھے۔ جیل حکام کے مطابق 18سالہ قیدی اسامہ مست اقبال روڈ اور 35سالہ صابر کا تعلق نواب ٹاؤن کے علاقہ سے تھا۔ منشیات کے کیسز میں اسامہ مئی میں جبکہ صابر کو جولائی میں کیمپ جیل منتقل کیا گیا تھا۔ طبیعت خراب ہونے پر اسامہ کو پیر کے روز جبکہ صابر کو رات گئے سروسز (بقیہ نمبر 32)

فیصل آباد، 10ماہ کے دوران لاقانونیت انتہا پر رہی

قتل وغارت' ڈکیتی ، چوری شمیت دیگر کئی مقدمات میں ریکارڈ اضافہ

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد رواں سال کے 10ماہ کے دوران فیصل آباد میں لاقانونیت انتہا پر رہی' قتل وغارت' اغواء برائے تاوان' بھتہ خوری' ڈکیتی مزاحمت پر قتل' راہزنی' موٹرسائیکلیں چھیننے' نہتے شہریوں سے سرعام لوٹ مار' موٹرسائیکلوں کی چوری کے واقعات میں ریکارڈ اضافہ' فیصل آباد پولیس کی طرف سے41640 مختلف جرائم کے مقدمات رجسٹرڈ کئے گئے جن میں سے32572 ملوث ملزمان کو گرفتار کیا گیا مجموعی طور پر مسروقہ مال 2554661236 میں سے مال مقدمہ برآمدگی514353630 رہی ڈکیتی مزاحمت کے دوران 21افراد قتل ہوئے۔ قتل کے مجموعی طور پر 342 (بقیہ نمبر 33)

فیصل آباد صنعتوں اور تاجروں کو تباہی سے بچانے کیلئے دھاگے کی درآمد پر ریگولیٹری ڈیوٹی عائد نہ کی جائے، چوہدری نواز

مکوآنہ (این این آئی) سابق چیئرمین آل پاکستان کاٹن پاور لومز ایسوسی ایشن، سابق صدر ایف سی سی آئی چوہدری محمد نواز نے مطالبہ کیا ہے کہ ملک میں یارن صنعت سے وابستہ صنعتوں اور تاجروں کو تباہی سے بچانے کے لیے دھاگے (یارن) کی درآمد پر ریگولیٹری ڈیوٹی عائد نہ کی جائے۔ انہوں نے حکومت سے اپیل کی کہ دھاگہ کی موجودہ(بقیہ نمبر 28)

فاروق آباد، تیز رفتار ٹرک نے موٹر سائیکل سوار کر کچل کر ہلاک کردیا، ڈرائیور فرار

فاروق آباد(این این آئی) لاہور سرگودھا روڈ پر فاروق آباد کے قریب تیز رفتار ٹرک نے موٹر سائیکل سوار کر کچل کر ہلاک کردیا جبکہ ٹرک ڈرائیور فرار ہوگیا۔ اطلاع ملنے پر ریسکو1122 کی امدادی ٹیم نے موقع پر پہنچ کر جاں بحق نوجوان کی لاش ہسپتال منتقل کر دی۔ جاں بحق ہونے والے کی(بقیہ نمبر 31)

کھیوڑہ سپیشل ٹرین کا کوئلہ سے لوڈ ڈبہ ریلوے ٹریک سے اتر جانے کے باعث ٹریک پر دیگر ٹرینوں کی آمدورفت کو روک دیا گیا

سرگودھا(این این آئی) سرگودھا لالہ موسیٰ ریلوے لائن پر قصبہ پھلروان کے قریب کھیوڑہ سپیشل ٹرین کا کوئلہ سے لوڈ ڈبہ ریلوے ٹریک سے اتر جانے کے باعث ٹریک پر دیگر ٹرینوں کی آمدورفت کو روک دیا گیا جس سے کراچی سے آ کر لالہ موسیٰ جانے والی ملت ایکسپریس 2 گھنٹے تک بھلوال ریلوے اسٹیشن پر کھڑی رہی۔ زرائع کے مطابق سرگودھا لالہ موسیٰ ریلوے لائن کے قصبہ پھلروان کے قریب کھیوڑہ سپیشل ٹرین کا کوئلہ سے لوڈ ڈبہ(بقیہ نمبر 34)

لاہور' سی سی پی او لاہور غلام محمود ڈوگر فیتہ کاٹ کر تھانہ گلشن راوی کی نئی عمارت کا افتتاح کررہے ہیں

لاہور دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کیخلاف کارروائیاں تیز، 544 گاڑیاں بند

رواں سال کے دوران 52ہزار 983 سے زائد کمرشل وہیکلز کو چالان ٹکٹس جاری کیے گئے' سی ٹی او

ماحولیاتی آلودگی اور سموگ سے انسان کو سانس لینے میں دشواری، ناک، گلے کی بیماریوں کا اندیشہ رہتا ہے

لاہور (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر لاہور ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی نے دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کیخلاف کارروائیاں تیز کرنے کی ہدایت کردی۔ اس حوالے سے سی ٹی او ڈاکٹر اسد ملہی نے بتایا کہ رواں سال کے دوران 52ہزار 983 سے زائد کمرشل وہیکلز کو چالان ٹکٹس جاری کیے گئے، خطرناک حد تک دھواں چھوڑنے والی544 گاڑیاں بھی بند، دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کو 20ہزار(بقیہ نمبر 37)

آیان
ووڈ ورکس اینڈ فرنیچر ہاؤس
عامر محمود
0311-5185882
فیاض احمد
0300-7817756
ہمارے ہاں، کھڑکیاں،، دروازے، اٹالین کچن
الماریاں، ریلنگ، پیلنگ، فرنیچر اور لکڑی کا
ہر قسم کا کام انتہائی مناسب ریٹ پر کیا جاتا ہے
نیز کوٹھیوں، مکانوں اور آفس فینسی سے فینسی کام تسلی بخش کیا جاتا ہے
ایک بار وزٹ ضرور کروائیں

چار ماہ میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں 52.1فیصد کمی تشویشناک ہے' نصراللہ مغل

لاہور (این این آئی) صدر قائداعظم انڈسٹریل اسٹیٹ، ایگزیکٹو ممبر لاہور چیمبرز آف کامرس و انڈسٹریز نصراللہ مغل نے رواں مالی سال کے پہلے چار ماہ میں پاکستان میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں52.1 فیصد کمی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ رواں مالی سال جولائی تا اکتوبر کے دوران براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کی آمد (بقیہ نمبر 39)

وفاقی محتسب اسلام آباد کا عوامی شکایات پر نوٹس لیتے ہوئے فیصل آباد ریلوے کا دورہ، مسائل کے حل کیلئے موقع پر احکامات جاری کیے

مکوآنہ (این این آئی) وفاقی محتسب اسلام آباد کے ایڈوائزر شاہد حسین جیلانی نے عوامی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے فیصل آباد ریلوے کا دورہ کیا جس میں ریجنل وفاقی محتسب فیصل آباد یاسر شبیر ملک انکے ہمراہ تھے۔ وفاقی محتسب نے دورے کے دوران فیصل آباد ریلوے کی کارکردگی، انتظامی معاملات، مسافروں کے مسائل اور سہولتوں کے بارے میں ریلوے انتظامیہ سے تفصیل سے گفتگو کی۔ فیصل آباد ریلوے کے افسران نے وفاقی محتسب(بقیہ نمبر 41)

ناصر CNG
اینڈ آٹو ورکشاپ
CNG اور آٹو پارٹس دستیاب ہیں
فری آئل چینج
مکینک: ناصر محمود
0332-5683901
0345-5259129
مکینک ظفر اقبال
0343-6818018

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 24ہزار900 کیوسک رہا

لاہور(این این آئی) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورتحال حسب ذیل رہی۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد24ہزار900 کیوسک اور اخراج 24ہزار کیوسک، کابل میں نوشہرہ کے مقام پر آمد11ہزار600 کیوسک اور اخراج 11 ہزار 600 کیوسک،(بقیہ نمبر 26)

لاہور' چڑیا گھر میں سیر و تفریح کیلئے آنے والی طالبہ سیلفی لے رہی ہیں

عوامی شکایات کے ازالے کے لیے اسسٹنٹ کمشنر سیکریٹریٹ کا مختلف علاقوں میں دورہ

روزانہ کی بنیاد پر تجاویزات، قیمتوں میں اضافے، صفائی اور دیگر کے خلاف آپریشن جاری ہے

ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کی ہدایت اور عوامی شکایات کے ازالے کے لیے اسسٹنٹ کمشنر سیکریٹریٹ کا مختلف علاقوں میں دورہ، اسسٹنٹ کمشنر سیکریٹریٹ نے بری امام، بہارہ کہو بشمول قائداعظم یونیورسٹی، کرنل امان اللہ روڈ اور مین مری روڈ وغیرہ کے مختلف علاقوں میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی چیکنگ کی، پولی تھین بیگز کے(بقیہ نمبر 30)

لاہور' شہری موٹر سائیکل پر بچوں کو سکول چھوڑنے جارہا ہے

ضلع خیبر اکبر آفریدی اعلیٰ تعلیمی یافتہ نوجوان اجمل آفریدی کو تھانہ باڑہ کا محرر تعیناتی کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری

ضلع خیبر اکبر آفریدی اعلی تعلیمی یافتہ نوجوان اجمل آفریدی کو تھانہ باڑہ کا محرر تعیناتی کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا نوجوان اجمل آفریدی انتہاہی فرض شناس قابل اور ایماندار پولیس آفیسر کے طور پر جانے جاتے ہیں اور ہمیشہ عوام کی خدمت کرتا ہے۔ جنہوں ابھی تک کسی عہدے یا کسی پوسٹ پر تعیناتی کیلئے کسی کو بھی (بقیہ نمبر 35)

تعلیمی بورڈ فیصل آباد نے علوم شرقیہ سالانہ(اول) کے امتحانی نتائج کا اعلان کردیا

مکوآنہ (این این آئی) اعلیٰ وثانوی تعلیمی بورڈ فیصل آباد نے علوم شرقیہ سالانہ(اول) 2022کے امتحانی نتائج کا اعلان کردیا جس میں کل 27 طلباوطالبات میں سے 8 امیدوار کامیاب جبکہ 19 ناکام ہوگئے۔ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد کے ترجمان ساجد نقوی نے بتایا کہ علوم شرقیہ فاضل عربی، فاضل پنجابی اور ادیب اردو امتحان میں کل 27 طلبا(بقیہ نمبر 36)

پولیس نے لنڈ گینگ کے سرغنہ خدا بخش لنڈ کو ہلاک کردیا، تین پولیس اہلکار زخمی

خدا بخش لنڈ کچہ کا سرکردہ ڈاکو تھا جو متعدد سنگین مقدمات میں پولیس کو مطلوب تھا، پولیس ترجمان

لاہور/ روجھان (این این آئی) کچہ کے علاقہ میں پولیس نے ایک کامیابی کارروائی میں لنڈ گینگ کے سرغنہ خدا بخش لنڈ کو ہلاک کر دیا ،لنڈ اور عمرانی گینگ کے 02 ڈاکو زخمی بھی ہوئے، مقابلے میں تین پولیس اہلکار بھی زخمی ہوئے۔ ترجمان پولیس کے مطابق خدا بخش لنڈ کچہ کا سرکردہ ڈاکو تھا جو متعدد سنگین مقدمات میں پولیس کو مطلوب تھا، خدا بخش لنڈ پولیس مقابلے، دہشتگردی، ڈکیتی اور قتل جیسے سنگین مقدمات میں پولیس کو مطلوب تھا، فائرنگ کے تبادلے میں پولیس کے 03 اہلکار زخمی ہوئے جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

ایم این اے چوہدری فیض اللہ کے کزن پر نامعلوم لوگوں کا حملہ

شہ رگ کاٹ دی، زخمی حالت میں ہسپتال منتقل، مقدمہ درج، کارروائی شروع

مکوآنہ(این این آئی) فیصل آباد پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے ممبر چوہدری فیض اللہ کموکا ایم این اے کے کزن چوہدری عمران کموکا 214 رب ڈھڈی والا کے قریب اپنے ڈیرہ کے باہر تالہ لگا کر گھر جانے کیلئے کھڑے تھے کہ نامعلوم حملہ آوروں نے انہیں گھیرے میں لے لیا' ایک حملہ آور نے ان پر پستول تان لیا اور دوسرے نے تیز دھار چھری کے وار کر کے ان کی شہ رگ کاٹ دی' چوہدری عمران کموکا کو شدید زخمی حالت میں ہسپتال پہنچایا گیا مگر وہ طبی امداد کی فراہمی کے باوجود جانبر نہ ہوسکے' اس المناک واقعہ پر علاقہ میں سو(بقیہ نمبر 38)

لاہور، 2ڈاکو ٹرالی سے ٹکرا کر ہلاک، ایک شہری بھی جان کی بازی ہار گیا

تین مسلح ڈاکو ڈولفن ٹیم کے روکنے پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوئے تھے

لاہور(این این آئی) لاہور میں وارداتوں کے بعد فرار ہوتے ہوئے دو ڈاکو ٹرالی سے ٹکرا کر موقع پر ہلاک ہو گئے ، موٹر سائیکل ٹکرانے سے ایک شہری بھی جان کی بازی ہار گیا، پولیس نے ایک ڈاکو کو زندہ گرفتار کرلیا۔ ترجمان ڈولفن کے مطابق شادباغ گندی بہیاں کے قریب ڈولفن اسکواڈ کا ڈاکوؤں سے آمنا سامنا ہوا۔ ترجمان ڈولفن فورس کے مطابق تین مسلح ڈاکو مغلپورہ، فتح گڑھ، تاجپورہ و ملحقہ علاقوں میں وارداتیں کرنے کے بعد فرار ہو رہے تھے، ڈولفن نے دوران پٹرولنگ تین مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو رکنے کا اشارہ کیا لیکن ڈاکو ڈولفن ٹیم پر فائرنگ کرتے ہوئے موقع سے فرار ہو گئے۔ ڈولفن ٹیم نے ڈاکوؤں کا تعاقب جاری رکھا اور شادباغ سروس روڈ پر تیز رفتاری کے باعث خراب ٹرالی سے ٹکرانے کے بعد دو ڈاکو موقع پر ہلاک ہو گئے، مقامی شہری ٹرالی کو دھکا لگا رہے تھے جبکہ اس دوران ڈاکوں کی موٹر سائیکل دو شہریوں سے بھی جا ٹکرائی جس کے باعث دونوں شدید زخمی ہوئے لیکن لی (بقیہ نمبر 40)

لاہور' محنت کش سڑک کنارے فٹ پاتھ پر بچوں کے جوتے فروخت کررہا ہے

سرگودہا، ڈسٹرکٹ جیل میں منشیات کے مقدمہ کے ملزم کے انتقال پر دائر مقدمہ خارج کردیا گیا

سرگودہا(این این آئی) ڈسٹرکٹ جیل میں منشیات کے مقدمہ کے ملزم کے انتقال پر دائر مقدمہ خارج کر دیا گیا۔ سرگودھا کے موضع چوکیرہ کے محمد قاسم کو 5 جون 2022ء کو تھانہ سیٹلائٹ ٹاؤن (بقیہ نمبر 42)

نئی مانیٹری پالیسی کا اعلان کل ہوگا

لاہور(این این آئی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس کل (جمعہ)25 نومبر کو منعقد ہوگا۔ اجلاس میں نئی مانیٹری پالیسی کا اعلان کیا جائے گا۔

پولیس کا کریک ڈاؤن، 24 گھنٹوں کے دوران 142 ملزمان گرفتار

سنگین وادا تیں کرنے والے مفرور اور ریکارڈ یافتہ 84 ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) سٹی ڈویژن پولیس نے کریک ڈاؤن کر کے 24 گھنٹوں کے دوران142 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق سنگین وادا تیں کرنے والے مفرور اور ریکارڈ یافتہ 84 ملزمان جبکہ تعلیمی اداروں سمیت مختلف مقامات پر منشیات فروشی کرنے والے 9 منشیات فروش کو گرفتار کیا گیا، ملزمان کے قبضہ سے لاکھوں مالیت کی منشیات(بقیہ نمبر 43)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم
پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ
راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین
فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔
رابطہ۔0309-7900035

پاک فوج کیخلاف انگلی اٹھانیوالے قوم کیساتھ مخلص نہیں مولانا علیم الدین شاکر

افواج پاکستان کی قربانیاں وطن عزیز کی سلامتی اور قوم کے امن وسکون کیلئے انتہائی اہمیت کی حامل ہیں

پاک فوج کے شہیدوں کے وارث فوجی جانبازوں کیخلاف کوئی سازش یا محاذ آرائی برداشت نہیں کرینگے

لاہور (این این آئی) خلیفہ مجاز سید نفیس الحسن شاہ، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت لاہور کے ناظم اعلی، مہتمم جامعہ فاطمۃ الزاہر للبنات مولانا علیم الدین شاکر نے کہا ہے کہ پاک فوج کیخلاف انگلی اٹھانے والے قوم کیساتھ مخلص نہیں، افواج پاکستان کی قربانیاں وطن عزیز کی سلامتی اور قوم کے امن وسکون کیلئے انتہائی اہمیت کی حامل ہیں، افواج پاکستان پر تنقید کر کے ملک دشمن عناصر کو خوش کرنے (بقیہ نمبر 56)

موجودہ حالات میں اسٹیٹ بینک شرح سود کو سنگل ڈیجٹ میں لائے' اشرف بھٹی

لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے کہا کہ ملک کے موجودہ حالات میں اسٹیٹ بینک کو شرح سود میں کمی کرنی چاہیے اور اسے سنگل ڈیجٹ میں لایا جائے۔ اپنے بیان میں اشرف بھٹی نے کہا کہ ملک میں کاروبار کے جو حالات ہیں ایسے میں سرمائے کی(بقیہ نمبر 55)

پاک فضائیہ کی پہلی خاتون فائٹر پائلٹ مریم مختیار کا ساتواں یوم شہادت 24نومبر کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاک فضائیہ کی پہلی خاتون فائٹر پائلٹ مریم مختیار کا ساتواں یوم شہادت 24نومبر کو منایا جائے گا۔ مریم مختیار 18 مئی 1992 کو کراچی میں پیدا ہوئیں، ابتدائی تعلیم کراچی میں حاصل کی اور سول انجینئرنگ میں ڈگری حاصل کی، مریم کے والد کرنل(ر) مختیار احمد شیخ پاک فوج میں شامل تھے، ایک فوجی گھرانے (بقیہ نمبر 52)

کسی بھی صورت علاقہ کے امن کو خراب نہیں ہونے دینگے، خالد آفریدی

علاقے میں امن و سکون آپکے تعاون سے ہی ممکن ہیں

ضلع خیبر اکبر آفریدی جمرود بازار میں فائرنگ سے عظمت علی سکنہ لنڈیکوتل ججمل خیل جاں بحق، پولیس کی بروقت کارروائی دونوں ملزمان گرفتار کرلیئے، ملزمان کا تعلق لنڈیکوتل سے ہیا لیس ایچ او جمرود شاہ خالد آفریدی نے کہا کہ کسی بھی صورت علاقہ (بقیہ نمبر 54)

تھانہ جاتلی کی حدود میں سٹے آرڈر سے واپڈا کو لاعلم رکھ کر بجلی میٹر کی تنصیب کا معاملہ

واپڈا ملازمین کو میٹر اتارنے پر کپڑے پھاڑنے گالم گلوچ کرنے والے میاں بیوی پر مقدمہ درج

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے تھانہ جاتلی کے نواحی علاقے میں سٹے آرڈر سے باخبر رکھ کر واپڈا ملازمین سے میٹر لگوانے اور بعدازاں محکمہ کو جب سٹے آرڈر کے بارے علم ہوا تو واپڈا کے اہلکار میٹر اتارنے کے لیے گئے تو میاں بیوی نے واپڈا ملازمین کے کپڑے پھاڑ دیئے اور غالب گلوچ کی ایس ڈی او واپڈا نے میاں بیوی کے خلاف تھانہ جاتلی (بقیہ نمبر 53)

لاہور' خواتین حاجی کیمپ لنڈا بازار سے گرم کپڑے خریدرہی ہیں

26نومبر کو عوام حکمرانوں کی اینٹ سے اینٹ بجادیں گے ڈاکٹر شاہد صدیق

پی ڈی ایم جماعتیں اپنی کرپشن کو چھپانے کیلئے اکٹھی ہوئی ہیں ، کیلئے عمران خان سے خوفزدہ ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما ڈاکٹر شاہد صدیق خان نے کہا ہے کہ 26نومبر کو عوام حکمرانوں کی اینٹ سے اینٹ بجادے گی، پی ڈی ایم جماعتیں اپنی کرپشن کو چھپانے کیلئے اکٹھی ہوئی ہیں وہ اکیلے عمران خان سے خوفزدہ ہیں، عمران خان کی قیادت میں پی ٹی آئی آئین وقانون کے دائرے میں رہتے ہوئے جدوجہد کر رہی ہے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ عمران خان کی قیادت میں حقیقی آزادی (بقیہ نمبر 51)

لاہور' محنت کش مسواکیں فروخت کرنے کیلئے سڑک کنارے بیٹھا ہے

فیصل آباد، الائیڈ ہسپتال میں امراض چشم کے مریضوں کیلئے مشکلات

اوآئی سی ٹی مشین کئی روز سے خراب، مریض پریشان

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد الائیڈ ہسپتال میں امراض چشم کے مریضوں کیلئے مشکلات' اوآئی سی ٹی مشین کئی روز سے خراب' الائیڈ ہسپتال میں ڈویژن بھر سے آنکھوں کے امراض میں مبتلا مریض پریشان ہوکر واپس جانے پر مجبور ہونے لگے کئی روز سے اوآئی سی ٹی مشین خراب پڑی ہے مریضوں کی شکایات کے باوجود انتظامیہ خاموش' ارباب اختیار سے اپیل کرتے ہوئے متاثرہ مریضوں کا کہنا ہے کہ پرائیویٹ ہسپتالوں میں انہیں مہنگے داموں علاج کروانا پڑتا ہے بڑے بڑے ہسپتال میں عوام کو بروقت طبی سہولتوں کی فراہمی میں کسی قسم کی کوتاہی نہیں ہونا چاہیے امراض چشم کے مریضوں کو طبی سہولتوں کی فراہمی کے لئے (بقیہ نمبر 49)

فیصل آباد میں لٹریری فیسٹیول 25نومبر سے شروع ہوگا

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد میں 9 واں 2روزہ عظیم الشان لٹریری فیسٹیول25 نومبر سے شروع ہوگا جبکہ لائلپور لٹریری کونسل کے زیر اہتمام اس فیسٹیول کی تقریبات26 نومبر تک نصرت فتح علی ہال فیصل آباد آرٹس کونسل میں جاری رہیں گی۔(بقیہ نمبر 50)

پاکستان میں کوڑے سے بجلی بنانے کے منصوبے پر پیشرفت

لاہور(این این آئی) پاکستان میں کوڑے سے بجلی بنانے کے منصوبے پر پیشرفت ہوئی ہے لکھوڈیر لینڈفل سائٹ پر 2014 سے 2022 تک ڈمپ کئے گئے ویسٹ کے 210 نمونہ جات لے لئے گئے جنہیں ایشین انوائرمینٹل سروسز لیب میں بھجوا دیا گیا۔(بقیہ نمبر47)

لڑکی کو مارکیٹ میں حراساں کرنیوالے 2اوباش لڑکے گرفتار

خواتین کو حراساں وزیادتی کرنے والا کسی رعایت کے مستحق نہیں، ایس پی عمارہ شیرازی

لاہور (این این آئی) گلشن اقبال پولیس نے لڑکی کو مارکیٹ میں حراساں و تنگ کرنے والے 2اوباش لڑکوں کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق 16سالہ لڑکی گھریلو ملازمہ مارکیٹ سامان لینے گئی تو اوباش لڑکوں نے حراساں و تنگ کیا، اوباش لڑکے موٹر سائیکل پر بیٹھنے کیلئے مجبور کرتے رہے اور منع کرنے پر لڑکی کو حراساں کیا اور بال کھینچے۔ ایس پی اقبال ٹاؤن ڈاکٹر عمارہ شیرازی نے فوری ملزمان کی گرفتاری کی ہدایت کی ۔ پولیس نے لڑکی(بقیہ نمبر 48)

لاہور' سیکرٹری سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز پنجاب احسان بھٹہ ساہیوال ڈویژن میں سپورٹس کے ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

عمران خان کا نام نہاد انقلاب زمان پارک میں دفن ہو چکا سیف الملوک کھوکھر

تحریک انصاف کی حکومت نے عوام کو خوشحالی کے سبز باغ دکھا کر اندھیروں میں دھکیل دیا، سینئر رہنما (ن) لیگ

عوام عمران خان کے جھوٹ کی حقیقت کو جانتے ہیں، عمران خان کی ہر بات جھوٹ سے شروع ہو کر جھوٹ پر ہی ختم ہوتی ہے

لاہور(این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما ملک سیف الملوک کھوکھر نے کہا ہے کہ عمران خان کا نام نہاد انقلاب زمان پارک میں دفن ہو چکا ہے، عوام عمران خان کے جھوٹ کی حقیقت کو جانتے ہیں، عمران خان کی ہر بات جھوٹ سے شروع ہو کر جھوٹ پر ہی ختم ہوتی ہے، تحریک انصاف کی حکومت نے عوام کو خوشحالی کے سبز باغ دکھا کر اندھیروں میں دھکیل دیا ۔مقامی ہوٹل میں عشائیہ کی تقریب میں گفتگو کرتے ہوئے ملک سیف الملوک کھوکھر نے کہا کہ عمران خان نے عوام پر مہنگائی کے پہاڑ توڑے اور جب عمران خان کو نظر آیا کہ عوام پر ان کی حقیقت آشکار ہوگئی ہے تو انہوں نے اپنی مقبولیت کے گرتے گراف کو سہارا دینے کے لیے لانگ مارچ کا راگ(بقیہ نمبر 46)

سکولز ایجوکیشن، اریگیشن سیکٹرز کی ترقیاتی سکیموں کیلئے 31ارب سے زائد فنڈز کی منظوری

لاہور (این این آئی) پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ نے مالی سال2022-23 کے صوبائی ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کے30 ویں اجلاس میں سکول ایجوکیشن ا(بقیہ نمبر 44)

سی ٹی ڈی کی راولپنڈی، اسلام آباد میں دو بڑی کارروائیاں

کالعدم تنظیم داعش کے انتہائی مطلوب کمانڈر سمیت 2دہشت گرد گرفتار

لاہور (این این آئی) محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) پنجاب نے راولپنڈی اور اسلام آباد میں دو اہم کارروائیوں میں کالعدم تنظیم داعش کے انتہائی مطلوب کمانڈر خالد احمد نبی سمیت 2دہشت گردوں کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق سی(بقیہ نمبر 45)

DRESS
HOT COM
Ladies Under Garments
CEO
Kashf Abeer
0334-6096444
Kashf Abeer
COLLECTION
بوتیک سٹائل
زنانہ اور بچگانہ
برانڈڈ 2پیس اور 3پیس
نیازی ٹاؤن ملت کالونی گلی نمبر 21، راولپنڈی